★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | پیر 15 شوال 1446ھ، 14 اپریل 2025ء، 30 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 161

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

لکی پولیس کا دہشتگردوں کے خلاف سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک

پولیس اسٹیشن تاجوری اور برگئی کی حدود خانخیل مندزئی میں واقع جنگل میں 20 سے 25 دہشت گردوں سے مقابلہ ہوا، دو گھنٹے جاری رہنے والی اس لڑائی میں دونوں اطراف سے بھاری اسلحہ استعمال کیا گیا

صوبہ بھر میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ضلع کی سطح پر کارروائیاں ہو رہی ہیں تاہم ضلع لکی میں پولیس کو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا زیادہ سامنا ہے جن کا لکی پولیس بھرپور اور موثر جواب دے رہی ہے

پشاور (ویب ڈیسک) لکی پولیس نے سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کے دوران 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ زخمی ہونے والے متعدد دہشت گرد فرار ہو گئے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ضلع کی سطح پر کارروائیاں ہو رہی ہیں تاہم ضلع لکی میں پولیس کو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا زیادہ سامنا ہے جن کا لکی پولیس بھرپور اور موثر جواب دے رہی ہے۔ گزشتہ شب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال نارووال میں نیورو کون ون سالانہ میڈیکل کانفرنس کے دوران وفاقی وزیر احسن اقبال سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

خواجہ سلمان رفیق کی نارووال میڈیکل کالج میں سالانہ پہلی نارکون میڈیکل کانفرنس میں خصوصی شرکت کی

شعبہ صحت میں ڈاکٹرز کے کردار کو سراہتے ہیں: خواجہ سلمان رفیق

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق میڈیکل ایجوکیشن کو پروموٹ کر رہے ہیں، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے نارووال میڈیکل کالج میں سالانہ پہلی نارکون میڈیکل کانفرنس میں خصوصی شرکت کی۔ وفاقی وزیر چوہدری احسن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ، دیگر حکومتی شخصیات

کا نامور فنکار کامیڈین جاوید کوڈو کی

رحلت پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دیگر حکومتی شخصیات نے نامور فنکار اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

نئے امریکی ٹیرف پر بات چیت کرینگے، جوابی اقدام نہیں اٹھائیں گے، وزیر خزانہ

یہاں کم سے کم ٹیرف 10 فیصد ہے اور اس کے بعد اضافی ٹیرف ہے، نیو ورلڈ آرڈر کے ساتھ آگے بڑھنے کے لائحہ عمل پر غور کرنا ہوگا، سینیٹر محمد اورنگزیب

نئی امریکہ انتظامیہ کی جانب سے عائد کردہ ٹیرف پر پریشانی ضرور ہے کیونکہ غیر یقینی کی صورتحال ہے اور ہم سب کو سوچنا ہوگا کہ اس نیو ورلڈ آرڈر کے ساتھ کیسے آگے بڑھیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے عائد کردہ ٹیرف پر کسی بھی قسم کا جواب دینے کا ارادہ نہیں رکھتا، نئی امریکہ انتظامیہ کی جانب سے عائد کردہ ٹیرف پر پریشانی ضرور ہے کیونکہ غیر یقینی کی صورتحال ہے اور ہم سب کو سوچنا ہوگا کہ اس نیو ورلڈ آرڈر کے ساتھ کیسے آگے بڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں کم سے کم ٹیرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

ایران واقعہ مکمل حقائق اور تصدیق شدہ معلومات پر باقاعدہ تبصرہ کریں گے، دفتر خارجہ

ایران کے صوبے سیستان بلوچستان میں ایک دل دہلا دینے والے واقعے میں 8 پاکستانی شہریوں کے بے دردی سے قتل پر پاکستانی دفتر خارجہ کا ردعمل سامنے آ گیا

ایرانی سرزمین پر پیش آنے والے افسوسناک واقعے سے باخبر ہیں، تہران میں ہمارا سفارتخانہ اور زاہدان میں قونصل خانہ متعلقہ ایرانی حکام سے مستقل رابطے میں ہیں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ایران کے صوبے سیستان بلوچستان میں ایک دل دہلا دینے والے واقعے میں 8 پاکستانی شہریوں کے بے دردی سے قتل پر پاکستانی دفتر خارجہ کا ردعمل سامنے آ گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ حقائق کی تصدیق کے بعد تبصرہ کیا جائے گا ایرانی سرزمین پر پیش آنے والے افسوسناک واقعے سے باخبر ہیں اور ایرانی حکام سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ ہم اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



ترکیہ: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو ترک خاتون اول امینہ اردوان کلچرل شو میں روایتی ترک نوادرات دکھا رہی ہیں

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کامیڈین جاوید کوڈو کے انتقال پر اظہار افسوس

جاوید کوڈو کامیڈی کی دنیا کا ایک بڑا نام تھے: عظمیٰ بخاری

جاوید کوڈو کے انتقال سے پاکستانی تھیٹر اور کامیڈی ایک عظیم فنکار سے محروم ہو گئے: عظمیٰ بخاری

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے معروف کامیڈین جاوید کوڈو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں عظمیٰ بخاری نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

افغان دہشت گرد تنظیموں کو لگام ڈالے، شہباز شریف

افغان عبوری حکومت کو ہم نے متعدد بار یہ پیغام دیا دوحہ معاہدے کے مطابق وہ کسی طور پر بھی افغانستان کی سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے کی اجازت نہیں دیں گے، شہباز شریف

دورہ بیلاروس اچھا رہا، بیلاروس کی زراعت کے شعبے میں مہارت سے فائدہ اٹھائیں گے، بیلاروس میں بننے والے زرعی مشینری کے جوائنٹ وینچرز پاکستان میں بنیں گے: وزیر اعظم آفس سے جاری بیان

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے افغانستان کی حکومت کو واضح کیا ہے کہ دہشت گرد تنظیموں کو فی الفور لگام ڈالیں اور اپنی سرزمین ان کے ہاتھوں استعمال ہونے کی قطعا اجازت نہ دیں۔ وزیر اعظم کے دفتر اسلام آباد سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم شہباز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

امریکی کانگریس کے وفد کی احسن اقبال سے ملاقات

مضبوط پاک امریکا شراکت داری علاقائی استحکام اور عالمی امن کے لیے ناگزیر ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) امریکی ارکان کانگریس جیک برگ مین، تھامس رچرڈ سوازی اور جوناتھن جیکسن نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سے ملاقات کی۔ اعلامیے کے مطابق امریکی وفد نے اسٹریٹجک تعلقات مضبوط بنانے اور کلیدی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

چیئرمین سینیٹ کا ایران میں 8 پاکستانی مزدوروں کے قتل پر دکھ و افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ایران میں 8 پاکستانی مزدوروں کے بہیمانہ قتل پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

مریم نواز کی نائب صدر ترکیہ سے ملاقات، معاشی شراکت داری کے فروغ پر اتفاق

وزیر اعلیٰ نے سابق وزیر اعظم نواز شریف اور وزیر اعظم شہباز شریف کی طرف سے ترکیہ کے نائب صدر کیلئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا

انطالیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ترکیہ کے نائب صدر سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ تعلیمی منصوبوں اور معاشی شراکت داری کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ترکیہ میں ہونے والے ڈپلومیسی فورم 2025 میں سائیڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا یو ایس کانگریس مین جیگ برگمین اور دیگر کیساتھ گروپ فوٹو



نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال نارووال میڈیکل کالج کی پہلی میڈیکل کانفرنس کا افتتاح کر رہے ہیں

یوسف رضا گیلانی کا معروف کامیڈین جاوید کوڈو کے انتقال پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بانی پی ٹی آئی کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 12 روپے تک بڑی کمی کا امکان

پیٹرول کی قیمت فی لیٹر 254.63 روپے سے کم ہو کر 242 روپے فی لیٹر ہونے کی توقع ہے

اسلام آباد (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں مسلسل کمی کے بعد پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فی لیٹر بڑی کمی کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے پر غور کر رہی ہے تاہم قیمتوں میں کمی کے صحیح اعداد و شمار کو ابھی تک حتمی شکل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پانی صرف سندھ اور پنجاب کا نہیں پاکستان کا مسئلہ ہے، حسن مرتضیٰ

نہروں کے مسئلے پر پیپلز پارٹی کو صوبائی حکومتیں قربان کرنا پڑیں تو کر دینی چاہئیں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی کے رہنما حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ نہر کے مسئلے پر پیپلز پارٹی کو سندھ اور بلوچستان کی حکومتیں قربان کرنا پڑیں تو کر دینی چاہئیں، پانی صرف سندھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



ترکیہ: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ترکیہ میں اناطولیہ ڈپلومیسی فورم کے سیشن میں ترکیہ کے نائب صدر سے ملاقات کر رہی ہیں

ایرانی صوبے سیستان میں حملہ آوروں نے آٹھ پاکستانی شہریوں کو قتل کر دیا

حملہ آوروں نے ایک آٹو ورکشاپ میں داخل ہو کر مزدوروں کو ہاتھ پاؤں باندھ کر گولیاں مار دیں: میڈیا رپورٹ

مقتولین کی شناخت دلشاد، اس کے بیٹے نعیم، جعفر، دانش اور ناصر کے ناموں سے ہوئی ہے، ایرانی حکام نے تحقیقات شروع کر دیں

تہران (این این آئی) ایران کے مغربی صوبے سیستان و بلوچستان میں ایک افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے جہاں پنجاب سے تعلق رکھنے والے آٹھ پاکستانی مزدوروں کو بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ ایرانی شہر مہرستان سے تقریبا پانچ کلومیٹر دور ہیز آباد پایین گاؤں میں پیش آیا، جو پاکستانی سرحد سے تقریبا سو کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ ذرائع کے مطابق، حملہ آوروں نے ایک آٹو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیر کا ماحولیاتی تحفظ کے لیے بلیو کاربن ماحولیاتی نظام کی اہمیت پر زور

ہم ماہی گیر برادریوں کے ساتھ تعاون بڑھائیں گے، جنید انور چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے پاکستان کے بحری شعبے میں ماحولیاتی پائیداری اور ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

دارالعلوم حقانیہ اور بنوں کینٹ حملوں میں ملوث نیٹ ورک کا سراغ لگا لیا، آئی جی کے پی

پشاور (این این آئی) آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا ہے کہ دار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

وانا، پولیس اہلکار کے گھر پر حملہ، دو حملہ آور ہلاک، ایک گرفتار

وانا (این این آئی) جنوبی وزیرستان لوئر تحصیل وانا کے علاقے توئی خلہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

ڈی پی او قصور کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) ڈانس پارٹی میں شامل مرد و خواتین کی گرفتاری کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



لاہور: وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ہم آسان راستہ یا ڈیل نہیں مانگ رہے، رؤف حسن

صدر مملکت کے پاس منصوبوں کی منظوری یا رکوانے کا اختیار نہیں، جام خان شورو، انٹرویو

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما رؤف حسن نے کہا ہے ہماری جماعت کی مستقل حکمت عملی رہی ہے ملک کے لیے اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات ناگزیر ہیں۔ نجی ٹی وی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: مرکسی جمعیت اہلحدیث کے ناظم اعلیٰ حافظ عبدالکریم وفاقی وزیر سردار یوسف سے ملاقات کر رہے ہیں

ایس آئی ایف سی کی کاوشیں، یورپی ملکوں کو برآمدات میں 9.4 فیصد اضافہ

اضافے کی وجہ جی ایس پی پلس اسٹیٹس کیساتھ ساتھ پاکستانی ٹیکسٹائل و ملبوسات کی مانگ میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے یورپی ممالک کو برآمدات 9.4 فیصد تک بڑھ گئیں۔ ذرائع کے مطابق اس دوران مغربی یورپ کو برآمدات میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

ٹرمپ مغربی رہنماؤں کے درمیان صورتحال کو سب سے بہتر سمجھتے ہیں، روس

ٹرمپ پہلے امریکی صدر ہیں جنہوں نے کہا کہ یوکرین کی نیٹو میں شمولیت ایک سنگین غلطی ہوگی، وزیر خارجہ

ماسکو (این این آئی) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے یوکرین میں جو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)



لاہور: میلہ چراغاں کے موقع پر غیر معمولی رش کی وجہ سے لوگ جی ٹی روڈ پر کھڑے ہیں

پی ٹی آئی نے ہمیشہ حکومت کی جانب سے قومی مفاد کیلئے اٹھائے گئے اقدام کی مخالفت کی، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

ن لیگ بلوچستان کے رہنماؤں کی اختر مینگل پر تنقید

سردار اختر مینگل کے جائز مسائل حل کرنا چاہتے ہیں مگر وہ اپنی ضد پر قائم ہیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ ن بلوچستان کے رہنماؤں نے بی این پی کے رہنما اختر مینگل کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ سردار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

گرینڈ ہیلتھ الائنس کا مطالبات کے حق میں مال روڈ پر دھرنا جاری

دھرنے کی طرف آنے والے راستے بند، شہری متبادل راستے استعمال کرنے پر مجبور

لاہور (این این آئی) گرینڈ ہیلتھ الائنس کا اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی دھرنا جاری ہے جس کی وجہ سے مال روڈ کا ایک حصہ ٹریفک کے لئے بند ہے۔ بتایا گیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

کینالز پر جمہوری طریقے سے نہ مانے تو حکومت چھوڑ دینگے، وزیر اعلیٰ سندھ

کینالز سندھ کے عوام کے خلاف سازش ہے، یہ پیپلز پارٹی کو بدنام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، سید مراد علی شاہ کا خطاب

کینالز کا معاملہ ایکنک میں آیا تو مخالفت کریں گے، پانچوں دریا ہمارے ہیں، کسی بھی دریا پر کینالز نہیں بنانے دیں گے

ٹھٹھہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ کینالز کے معاملے پر جمہوری طریقے سے نہ مانے تو حکومت ایک منٹ میں چھوڑ دیں گے، حکومت چھوڑنے کا آپشن موجود ہے۔ ٹھٹھہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ کینالز سندھ کے عوام کے خلاف سازش ہے، یہ پیپلز پارٹی کو بدنام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینالز کا معاملہ ایکنک میں آیا تو مخالفت کریں گے، صرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

غزہ کے الاھلہ العرب ہسپتال پر اسرائیلی میزائل حملہ، مریضوں کا انخلا

تل ابیب (این این آئی) دو اسرائیلی میزائلوں نے اتوار کے روز غزہ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

ایرانی وفد کے ساتھ براہ راست رابطہ آگے کی طرف ایک قدم ہے، امریکہ

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے عمان میں ایران کے ساتھ ہونے والی بات چیت کو آگے بڑھنے والا ایک قدم قرار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ٹرمپ کی بڑی پسپائی، سمارٹ فونز اور کمپیوٹرز کو ٹیرف سے استثنیٰ دیدیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین سے الیکٹرانکس مصنوعات کی درآمدات پر عائد مجوزہ ٹیرف سے یوٹرن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

ملائیشیا میں چائنا میڈیا گروپ کے اعلیٰ معیار کے فلم اور ٹیلی ویژن پروگراموں کا آغاز

بیجنگ (این این آئی) کوالالمپور میں چائنا میڈیا گروپ کے اعلیٰ معیار کے فلم اور ٹیلی ویژن پروگراموں کی نشریاتی سرگرمی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملائیشیا کے مین سٹریم میڈیا پر دس اعلیٰ معیار کے فلم اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

امریکہ میں مقیم کاروباری شخصیت تنویر کی گورنر فیصل کریم کنڈی سے ملاقات

خیبر پختونخوا میں موجود ٹیلنٹ کو مناسب مواقع فراہم کیے جائیں گے، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ میں مقیم معروف پاکستانی کاروباری شخصیت تنویر نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے گورنر ہاؤس اسلام آباد میں خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبہ میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، نوجوانوں کے لیے روزگار کے بہتر مواقع پیدا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: گرینڈ ہیلتھ الائنس نے اپنے مطالبات کے حق میں مال روڈ پر دھرنا دے رکھا ہے

نادرا کی جانب سے الیکشن بائیو میٹرک سسٹم میں تاخیر

پنجاب بار کونسل نے سکیننگ سوفٹ ویئر کی تیاری میں تاخیر پر وفاقی وزیر قانون کو خط

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے واضح ہدایات کے باوجود نادرا کی جانب سے انتخابات کیلئے بائیو میٹرک سسٹم، وکلاء کی انرولمنٹ، شناخت اور تصدیق کیلئے سکیننگ سوفٹ ویئر کی تیاری میں تاخیر کے معاملے پر وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ کو تحفظات پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

وزیر خزانہ کے اعترافی بیان نے حکومت کے دعوؤں کا پول کھول دیا، بیرسٹر سیف

وزیر خزانہ نے مہنگائی کے بے قابو ہونے کا اعتراف کیا ہے، محمد اورنگزیب نے حکومت کے دعوؤں کی حقیقت عوام کے سامنے رکھ دی ہے

وزیر اعظم اور وزیر خزانہ ایک پیج پر نظر نہیں آتے، حکومت دعوؤں کے بجائے عوام کو حقیقی ریلیف دے، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ وزیر خزانہ کے اعترافی بیان نے حکومت کے دعوؤں کا پول کھول دیا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ وزیر خزانہ نے مہنگائی کے بے قابو ہونے اور ایف بی آر میں کرپشن کا اعتراف کیا ہے، محمد اورنگزیب نے حکومت کے دعوؤں کی حقیقت عوام کے سامنے رکھ دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: وفاقی وزیر رانا مبشر اقبال پریس کانفرنس کر رہے ہیں، اراکین پنجاب اسمبلی رانا راشد اور میاں عمران بھی موجود ہیں



لیہ: اسسٹنٹ کمشنر تحصیل کروڑ نور محمد کی زیر قیادت ہیٹ ویو سے بچاؤ بارے آگاہی ریلی نکالی جا رہی ہے

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام 23 ویں بی کیٹ امتحان کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز امتحانی مرکز کا دورہ کرتے ہوئے ان کے ہمراہ کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد ہارون حامد بھی موجود

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر انتظام 23 ویں جے کیٹ امتحان کا انعقاد کیا گیا

امتحان صوبہ بھر کے تمام طبی اداروں میں پوسٹ گریجویٹ کورسز میں داخلوں کے لیئے منعقد کیا جاتا ہے

چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر مہناز خاکوانی اور پرنسپل پروفیسر راشد قمر نے ڈپٹی کنٹرولر شہزاد طارق اور محمد نعیم کے ہمراہ ملتان سینٹر کا معائنہ کیا

مذکورہ امتحان لاہور اور جنوبی پنجاب کے ملتان سینٹر میں امیدواران کی تعداد اور سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے بیک وقت منعقد کیا گیا

امتحان وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر پنجاب یونیورسٹی کے 11 ہزار جبکہ جنوبی پنجاب کے امیدواران کی سہولت کے پیش نظر نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان کے 7 ہزار میں منعقد کیا گیا محمود ایاز کی

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر انتظام 23 ویں بے کیٹ امتحان کا انعقاد کیا گیا۔ یہ امتحان صوبہ بھر کے تمام طبی اداروں میں پوسٹ گریجویٹ کورسز میں داخلوں کے لیئے منعقد کیا جاتا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز نے کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد ہارون حامد، ایڈیشنل کنٹرولر امتحانات نوید شاہین، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن شفیق احمد، ڈپٹی کنٹرولر شہزاد طارق اور دیگر کے ہمراہ امتحانات کا تفصیلی دورہ کیا اور انتظامات کو حتمی شکل دی۔ ملتان سنٹر میں وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر مہناز خاکوانی اور پرنسپل پروفیسر راشد قمر نے ڈپٹی کنٹرولر شہزاد طارق اور محمد نعیم کے ہمراہ ملتان سینٹر کا معائنہ کیا۔ یہ امتحان لاہور اور جنوبی پنجاب کے ملتان سینٹر میں امیدواران کی تعداد اور سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے بیک وقت منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 14 اپریل 2025ء

انجمن اسلامیہ ایک تاریخ ساز فلاحی ادارہ ہے، صدر پرویز خالد شیخ

انجمن اسلامیہ کے ادارے خدمت انسانیت میں اپنی مثال آپ ہیں ہم نے فلاح عامہ کا مشن ایک صدی قبل شہر میں شروع کیا تھا: صدر انجمن اسلامیہ



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) انجمن اسلامیہ (رجسٹرڈ) طارق آبادی جانب سے صدر پرویز خالد شیخ کے اعزاز میں تقریب سے خطاب ہوئے پرویز خالد شیخ نے کہا انجمن اسلامیہ (رجسٹرڈ) اپنا گھر میں اس وقت 100 سے زائد یتیم بچے رہائش پذیر ہیں ان بچوں کا ڈیڈی ہوں اور مجھے اس بات کا فخر ہیں کہ ادارے کے بچے مجھے ڈیڈی کہتے ہے ان بچوں کی رہائش وخوراک ،سکول وکالج کی فیسز الغرض تمام اخراجات ادارہ آپ جیسے مخیر حضرات کے تعاون سے پورے کر رہا ہے اسی جذبہ کے ساتھ فلاح عامہ اور مخلوق خدا کی بہتری کے لیے کردار ادا کر رہے ہے صدر پرویز خالد شیخ نے مزید کہا انجمن اسلامیہ ایک تاریخ ساز فلاح ادارہ ہے جس کی تعلیمی خدمات کا ایک زمانہ معترف ہے انجمن اسلامیہ کے ادارے خدمت انسانیت میں اپنی مثال آپ ہیں ہم نے فلاح عامہ کا جو مشن ایک صدی قبل شہر میں شروع کیا تھا جس کے نتیجہ میں بے شمار تعلیمی ادارے قائم ہوئے اب ان کی زندگی کا مشن ہے کہ اسی جذبہ کے ساتھ فلاح عامہ اور مخلوق خدا کی بہتری کے لیے کردار ادا کیا جائے انسانی فلاح و بہبود کے لیے اپنا مال اور وقت دینا بہترین صدقہ ہے سفید پوش طبقے کی باعزت طریقے سے مدد کرنا فلاحی اداروں کی اہم ذمہ داری ہے فلاحی اداروں سے بے شمار لوگوں استفادہ حاصل کرتے ہیں خدمت خلق دنیا کی سب سے اہم عبادت ہے اور اللہ پاک کو یہ کام بے حد پسند ہے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری طالب حسین چٹھہ ایڈووکیٹ ، حاجی محمد منظور، صائم احسان ، ڈاکٹر باسط بیگ، حاجی عابد، میاں وحید، خالد اقبال، محمد فاروق، ارشد قاسمی، عبدالستار شہزاد بیگ نے پرویز خالد شیخ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا پرویز خالد شیخ آج کے دور کے سرسید احمد خاں ہے یہ اندھیری رات میں روشنی کے مینار ہیں انھوں نے کہا انجمن اسلامیہ رجسٹرڈ ادارہ میں فاطمہ جناح کالج طارق آباد (اپنا گھر (یتیم خانہ)کنڈرگارڈن گرلز ہائی سکول، کنڈرگارڈن بوائز ہائی سکو ل، فری ڈسپنسری، یتیم غفور فری دستکاری سکول، جامع مسجد سید امجد حسین، بڑا قبرستان شامل ہیں۔

جہلم شہر میں گندگی کے ڈھیر اور مچھر مار سپرے نہ ہونے سے مکھی مچھروں کی بہتات

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں گندگی کے ڈھیر اور مچھر مار سپرے نہ ہونے سے مکھی مچھروں کی بہتات شہر اور مضافات میں ڈینگی اور ملیریا پھیلنے کا اندیشہ شہریوں کا ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر اور اس کے مضافاتی رہائشی علاقوں میں لگے گندگی پہاڑ نما ئیکے عرصہ دراز سے مچھر مار سپرے نہ کئے جانے کی وجہ سے ہر طرف مچھر مکھیوں کی بہتات دیکھنے میں آئی ہے مکھیوں کی وجہ سے مختلف بیماریاں جبکہ مچھروں کے کاٹنے سے ملیریا اور ڈینگی پھیلنے کا خدشہ لاحق ہو چکا ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی زمہ داران راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سے گندگی کے ڈھیروں کو شہر سے باہر ڈمپنگ پوائنٹ پر منتقل کروانے اور مچھر مار فوگ سپرے کروائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔

اسرائیل اور اس کے حواریوں کے خلاف جہاد فرض ہو چکا ہے: چوہدری نثار گجر

جہاں تک ممکن ہو سکے ان کا مکمل معاشی بائیکاٹ کیا جائے: شہباز علی قادری





نارنگ منڈی (میاں معظم سے) اسرائیل اور اس کے حواریوں کے خلاف جہاد فرض ہو چکا ہے اسلامی ممالک غیرت اور جرآت کا مظاہرہ کریں اور اسرائیل کے خلاف جنگ کا اعلان کریں قبلہ اول کا تحفظ ہم سب کی زمہ داری ہے جہاں تک ممکن ہو سکے اسرائیل اور اس کے حمایتیوں کا معاشی بائیکاٹ کریں اتحاد امت ناگزیر ہو چکا ہے ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ فلسطینی عوام کے جذبے اور حوصلے کو سلام پیش کرتے ہیں کہ سب کچھ ختم ہونے کے باوجود ان کے حوصلے بلند ہیں وہ جھکے نہیں بلکہ قبلہ اول کے دفاع کیلئے آج بھی ڈٹے ہوئے ہیں ہم سب پر فرض ہے کہ مظلوم فلسطینیوں کی حمایت کیلئے جو کچھ ممکن ہو سکے یقینی بنائیں۔

جشن شیرازی کی تین روزہ تقریبات اختتام پذیر ہوگئیں

چوآسیدن شاہ (بلال شوکت طور سے) جشن شیرازی کی تین روزہ تقریبات اختتام پذیر ہوگئیں، ڈی پی او چکوال احمدی الدین کی ہدایت پر ڈی ایس پی چوآسیدن شاہ خالد محمود ڈوگر اور ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ مرزا آصف محمود نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے، اس موقع پر شہر کے داخلی اور خارجی راستوں، دربار شریف کے اطراف اور مین بازار سمیت میلہ گراؤنڈ کے اطراف میں کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے پولیس اہلکار تعینات دکھائی دیئے جس کے باعث کسی قسم کا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا، جشن شیرازی کے موقع پر سیکورٹی کے بہترین انتظامات پر علاقائی عوام نے ڈی پی او چکوال احمدی الدین، ڈی ایس پی چوآسیدن شاہ خالد محمود ڈوگر اور ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا ہے،

معروف شخصیت چوہدری محمد اقبال کے صاحبزادہ اظہر اقبال کی دعوت

برات نہایت شاندار اور پروقار انداز میں نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) معروف شخصیت چوہدری محمد اقبال کے صاحبزادہ اظہر اقبال کی دعوت برات نہایت شاندار اور پروقار انداز میں نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی۔ دعوت ولیمہ میں سیاسی سماجی شخصیات قریبی رشتہ داروں، دوستوں، اور صحافی برادری نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق، نکانہ صاحب کے رہائشی معروف شخصیت چوہدری محمد اقبال کے صاحبزادہ اظہر اقبال کی دعوت برات نہایت شاندار اور پروقار انداز میں کوٹ رادھا کشن نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی۔ خوشی کے اس پر مسرت موقع پر مہمان خصوصی، حاجی عطر خان لودھراں، شاہد اقبال رینالہ، سیف الدین کراچی، محمد جمیل، چوہدری دائم لودھراں، چوہدری صائم احمد خاں و دیگر موجود تھے۔

ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بھلوال کا اجلاس انجمن نمبر داران کی میٹنگ میں بدل گیا

انتظامیہ عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے بعد اب جھول جھونکنے میں مصروف

بھلوال (کھیسل رپورٹر) ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بھلوال کا اجلاس انجمن نمبر داران کی میٹنگ میں بدل گیا۔ انتظامیہ عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے بعد اب جھول جھونکنے میں مصروف' تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر بھلوال مدثر ہرل نے گذشتہ روز بھلوال شہر مین صفائی کی ابتر صورت حال اور عوامی شکایت پر ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بھلوال کے ایجنٹ کو نوٹس جاری کیا جس میں انچارج چیف ایگزیکٹو نے شرکت کی تاہم اجلاس میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورت پر حال پر کم اور نمبر داران کے ساتھ زیادہ تر انکے مسائل پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر سابق سٹی نائب ناظم راؤ طاہر مشرف نے صفائی کے حوالہ سے شہریوں کو درپیش مسائل سے آگاہ لیکن اسسٹنٹ کمشنر بھلوال نے انکی باتوں کو سنی ان سنی کر دیا اور انکی تجاویز پر توجہ نہیں دی بلکہ اے سی بھلوال کے حکم کو راؤ طاہر مشرف کو مسائل بیان کرنے سے زبردستی روک دیا گیا اجلاس مین تحصیلدار بھلوال، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بھلوال میں موجود تھے۔

قلعہ احمد آباد کے نواحی گاؤں لالہ شریف میں فری آئی کیمپ کا انعقاد

پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد کے زیر اہتمام کیمپ میں مفت چیک اپ کے ساتھ مفت ادویات فراہم کی گئیں



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد کے زیر اہتمام قلعہ احمد آباد کے نواحی گاؤں لالہ شریف میں فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا۔ فری آئی کیمپ میں مفت چیک اپ کے ساتھ مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد کی جانب سے منعقد کردہ فری آئی کیمپ سے سینکڑوں مریضوں نے استفادہ حاصل کیا۔ فری آئی کیمپ میں آنیوالے مریضوں کے لئے سوشل ورکر مظفر حسین حیدری آف لالہ نے ادویات کے سلسلہ میں بھرپور تعاون کیا۔ پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد کے صدر مرزا شکیل احمد نے فری آئی کیمپ کی صدارت کی۔ صدر مرزا شکیل احمد نے کہا کہ پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد مستحق لوگوں کے لئے اسطرح کے اقدام کرتے رہیں گے۔ اہل دیہہ نے پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد کے اس اقدام کو سراہا۔

ویساکھی تہوار سکھ یاتریوں کی گوردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد آمد

ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سی پی او رانا ایاز سلیم، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) ناصر شہزاد ڈوگر، ممبران ضلعی امن کمیٹی اور دیگر نے معزز مہمانوں کا پھولوں کے گلدستے پیش اور پھولوں کے ہار پہنا کر پُرتپاک استقبال کیا



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) 326 ویں ویساکھی تہوار کے دن پر مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے دنیا بھر سے آئے 2932 سکھ یاتریوں کی گوردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد آمد، ڈپٹی کمشنر نوید احمد سی پی او رانا ایاز سلیم، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) ناصر شہزاد ڈوگر، ممبران ضلعی امن کمیٹی اور دیگر نے معزز مہمانوں کا پھولوں کے گلدستے پیش اور پھولوں کے ہار پہنا کر پُرتپاک استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق سکھ یاتریوں کی مقدس مقامات میں گوردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد کو بھی خاص مقام حاصل ہے اس سلسلہ میں سال بھر مختلف اوقات میں ملکی، بھارتی اور دنیا بھر سے سکھ یاتریوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اس سلسلہ میں مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے سکھ یاتریوں کے وفد نے گوردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد کا دورہ کیا اور مذہبی رسومات ادا کیں۔ گوردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد آنے والے بھارت سمیت دنیا بھر کے دیگر ممالک سے آئے سکھ یاتریوں نے بالخصوص وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلعی انتظامیہ، پولیس، محکمہ صحت، ضلع کونسل، گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، محکمہ اوقاف اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے سکیورٹی، ابتدائی طبی، کھانے پینے اور صفائی ستھرائی سمیت تمام انتظامات پر متعلقہ اداروں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ گوجرانوالہ ضلعی انتظامیہ اور تمام اداروں نے مل کر مثالی انتظامات کئے ہیں، پاکستان میں آ کر ایسے ہی لگا جیسے ہم اپنے گھر میں آئے ہیں اور ہمیں پرتپاک انداز میں خوش آمدید کہنے پر ہم تمام پاکستانی قوم کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس افسران نے گوردوارہ یاترہ کے لیے آنے والے سکھ یاتریوں کو سیکورٹی کنٹرول روم، ابتدائی طبی کی فراہمی کے لیے محکمہ صحت گوجرانوالہ کی طرف سے لگائے گئے ہیلتھ ڈیسک کا بھی معائنہ کیا جہاں شوگر، بلڈ پریشر، اسقام سمیت دیگر امراض کی ابتدائی طبی امداد، جان بچانے کی ضروری ادویات کی دستیابی یقینی بنائی گئی تھی۔ متعلقہ محکموں کی جانب سے آنے والے معزز مہمانوں کو دوپہر کا ظہرانہ، سہولیات اور کھانے پینے سمیت دیگر سہولیات فراہم کی گئیں۔ پینے کا صاف پانی، بیٹھنے کا مناسب انتظام، صحت کے حوالے سے تمام تر انتظامات، صفائی ستھرائی، گوردوارہ کے اطراف سیکورٹی اور دیگر تمام مثالی انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ آنے والے مہمان سکھ یاتریوں کو اپنی مذہبی رسومات ادا کرنے میں کسی بھی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ گوردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے آئے سکھ یاتریوں نے پاکستانی قوم بالخصوص پنجاب کے عوام کا، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا، ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ (کمشنر، آر پی او، ڈپٹی کمشنر، سی پی او، اسسٹنٹ کمشنر صدر) اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران کا تہہ دل شکریہ ادا کیا اور مثالی انتظامات پر خوشی کا اظہار کیا۔ سکھ یاتریوں نے کہا کہ انہیں یہاں آ کر اپنے گھر کی طرح لگا، پاکستان سرکار اور عوام اپنے چرھدے پنجاب کے پنجابی بہن بھائیوں سے کتنی محبت کرتے ہیں۔ سکھ یاتریوں نے کھانے پینے، سفر، ابتدائی طبی امداد، سکیورٹی کے فول پروف انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

رانا عارف حسین کی بیٹی کی شادی کی پروقار تقریب، لپکا رہنماؤں سمیت معزز شخصیات کی بھرپور شرکت

تقریب میں لپکا و آل پاکستان میونسپل ایمپلائز فیڈریشن کے مرکزی و مقامی قائدین سمیت مختلف طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے شرکت کی



فیصل آباد (اشرف خان) رانا عارف حسین کی بیٹی کی شادی کی پروقار تقریب، لپکا رہنماؤں سمیت معزز شخصیات کی بھرپور شرکت۔ لپکا میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کے سینئر نائب صدر رانا عارف حسین کی بیٹی کی شادی کی شاندار اور پروقار تقریب گزشتہ روز کیو لیم مارکی، کینال روڈ فیصل آباد میں منعقد ہوئی، تقریب میں لپکا و آل پاکستان میونسپل ایمپلائز فیڈریشن کے مرکزی و مقامی قائدین سمیت مختلف طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے شرکت کی۔ اس خوبصورت تقریب میں میاں انور حسین انفار میشن سیکرٹری پنجاب آل پاکستان میونسپل ایمپلائز فیڈریشن و انفارمیشن سیکرٹری لپکا فیصل آباد رانا سعید احمد جنرل سیکرٹری، ارشاد حسین سینئر وائس چیئرمین، رضوان گجر صدر، عامر اعوان چیئرمین و دیگر مرکزی، ڈویژنل، ضلعی لپکا رہنماؤں نے خصوصی شرکت کی اور دلہا دلہن کو ازدواجی زندگی کی شروعات پر مبارکباد پیش کی گئی۔ شادی کی تقریب میں شریک معزز مہمانوں نے رانا عارف حسین کو بیٹی کی شادی کی خوشی پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد دی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس نئے رشتے کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے، اور دونوں خاندانوں کو خوشیوں بھری زندگی عطا فرمائے۔

سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا مریم نواز ہیلتھ کلینکس کا تفصیلی دورہ

مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی، اسپیشلسٹ ڈاکٹر، پیرا میڈیکل سٹاف، نرسز سمیت دیگر طبی سہولیات کا جائزہ لیا گیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ کی کوآرڈینیٹر سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے نئے تعمیر ہونے والے مریم نواز ہیلتھ کلینکس کا تفصیلی دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی، اسپیشلسٹ ڈاکٹر، پیرا میڈیکل سٹاف، نرسز سمیت دیگر طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد کھوکھر، ڈسٹرکٹ مینجر پی ایچ ایف ایم سی ڈاکٹر فاتح علی تارڑ، ڈاکٹر حمزہ تارڑ، ڈائریکٹر آئی آر ایم این سی ایچ بھی انکے ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ کی کوآرڈینیٹر برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ کا کہنا تھا کہ مریضوں کے علاج معالجہ کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے دیہی ہسپتالوں کی ری ویمپنگ کر کے انہیں مریم نواز ہیلتھ کلینکس کا درجہ دینا وزیر اعلیٰ کا مثالی اقدام ہے۔ ضلع بھر کے تمام مریم نواز ہیلتھ کلینکس میں اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی تعیناتی کے ساتھ ساتھ وہاں مفت ادویات کی فراہمی اور دیگر ضروری طبی سہولیات کو یقینی بنایا گیا ہے تاکہ دور دراز کے دیہی علاقوں کے رہائشی عوام کو انکے گھر کے قریبی ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی بہتر اور معیاری سہولیات دستیاب ہو سکیں۔ اس موقع پر میڈم سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے ہسپتالوں کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے وہاں صحت کی بنیادی سہولیات، بچوں کی حفاظتی ویکسین اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انکا کہنا تھا کہ آئندہ چند دنوں تک ضلع کی سطح پر سی ای او ہیلتھ آفس میں ایک خصوصی ہیلپ لائن قائم کر دی جائیگی۔ جہاں دیہی ہسپتالوں میں ادویات نہ ملنے کے حوالے سے عوام اپنی شکایات کا اندراج بھی کروا سکیں گے۔

فلسطین کے مظلوم صرف قوم نہیں، انسانیت کی آوازیں" ڈاکٹر سوبیہ عدنان

فلسطینی بچوں کی چیخیں، ماؤں کی آہیں اور معصوم آنکھوں میں چھپے خوف نے دنیا کی خاموشی کو چیلنج کر دیا ہے



فیصل اباد (ملک بشیر احمد) سٹیپ اینڈ کیئر سینٹر کی سی ای او ڈاکٹر سوبیہ عدنان نے فلسطینی عوام پر جاری ظلم و بربریت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطین کے مظلوم صرف ایک قوم نہیں، بلکہ انسانیت کی وہ صدائیں جسے سننے کے لیے زندہ دل اور بیدار ضمیر کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ "فلسطینی بچوں کی چیخیں، ماؤں کی آہیں اور معصوم آنکھوں میں چھپے خوف نے دنیا کی خاموشی کو چیلنج کر دیا ہے۔ اب وقت ہے کہ ہم صرف تماشائی نہ رہیں، بلکہ ایک زندہ قوم کی طرح اپنی آواز مظلوموں کے حق میں بلند کریں۔" ڈاکٹر سوبیہ عدنان نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم کا اصل مقصد صرف علم دینا نہیں بلکہ دلوں کو جگانا ہے۔ انہوں نے کہا، "ہم اپنے ادارے میں بچوں کو یہ سکھا رہے ہیں کہ درد صرف محسوس کرنے کے لیے نہیں ہوتا، بلکہ اس کے لیے قدم اٹھانا بھی سکھایا جاتا ہے۔" سٹیپ اینڈ کیئر سینٹر میں فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے خصوصی دعائیہ تقریب کا انعقاد بھی کیا گیا، جہاں طلبہ و طالبات، اساتذہ اور والدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر فلسطینی عوام کے لیے دعائیں کی گئیں اور ان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ڈاکٹر صوبیہ نے آخر میں کہا، "ہم سب فلسطین کے لیے دعا گو ہیں، اور جب تک ایک بھی مظلوم زندہ ہے، ہم اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے۔ کیونکہ انسانیت کی بقا اسی میں ہے کہ ہم درد کو بانٹیں، نہ کہ نظر انداز کریں۔"

گورنمنٹ کی جانب سے مفت ملنے والی کتابیں مختلف بک ڈپو پر فروخت ہونے پر کارروائی

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کا نوٹس، بک شاپ کو فوری طور پر سیل کر دیا گیا، کارروائی کا آغاز



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں معصوم بچوں کی تعلیم کیساتھ کھلواڑ گورنمنٹ کی جانب سے مفت ملنے والی کتابیں مختلف بک ڈپو پر فروخت ہونے کی خبر خبر روایت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کا نوٹس تحکمہ ایجوکیشن کی پھرتیاں اپنے افسران کو بچانے کیلئے دکانداروں پر مقدمات درج کئے گئے تحکمہ ایجوکیشن کے افسران کو شہر کے متعدد مقامات پر بک شاپس کی چیکنگ کرنے کا حکم ملا جس پر محکمہ ایجوکیشن ٹیم کی جانب سے دوران کارروائی عمر جاوید اولڈ بک ڈپو نزد گول چوک اور جی ٹی روڈ پر واقع 786 اولڈ بک ڈپو پر مفت سرکاری کتابیں برآمد کی گئی سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف کی زیر نگرانی عمر جاوید اولڈ بک ڈپو سے 346 مفت سرکاری کتابیں اور 786 اولڈ بک ڈپو سے 135 مفت سرکاری کتابیں قبضہ میں لے لی گئیں دونوں بک شاپس کو موقع پر سیل کرتے ہوئے بک ڈپو مالکان کے خلاف متعلقہ پولیس اسٹیشن میں مقدمہ بھی درج کرا لیا گیا لیکن عوام کی جانب سے سی ای او ایجوکیشن کی کارکردگی پر سوالیہ نشان موجود والدین کا کہنا ہے کہ مختلف بک ڈپو پر گورنمنٹ کی کتابیں سیل کیسے پہنچی جن پر نٹ فارسیل کا مونو گرام موجود ہے

بھارتی سکھ یاتریوں کے تمام جتھے ننکانہ صاحب پہنچ گئے

سکھ یاتریوں کو خصوصی بسوں کے ذریعے سخت سکیورٹی حصار میں گوردوارہ جنم استھان پہنچایا گیا

گوردوارہ جنم استھان آمد پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو سمیت دیگر افسران نے سکھ یاتریوں کا پرتپاک استقبال کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بھارتی سکھ یاتریوں کے تمام جتھے ننکانہ صاحب پہنچ گئے، سکھ یاتریوں کو خصوصی بسوں کے ذریعے سخت سکیورٹی حصار میں گوردوارہ جنم استھان پہنچایا گیا۔ گوردوارہ جنم استھان آمد پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو سمیت دیگر افسران نے سکھ یاتریوں کا پرتپاک استقبال کیا، بھارت سے آئے سکھ یاتریوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے، ہار پہنائے، منوں پتیاں نچھاور کی گئیں۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق 5790 بھارتی سکھ یاتری رات گئے ننکانہ صاحب پہنچے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیساکھی میلے کے تمام تر انتظامات مکمل ہیں، سکھ قوم آج اپنی مذہبی رسومات ادا کر رہی ہے، پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی اور تحفظ حاصل ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ سکھ یاتریوں کو ننکانہ صاحب میں بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی جبکہ ضلعی اداروں کے افسران سکھ یاتریوں کی خدمت میں پیش پیش ہیں، سکھ یاتری پاکستان سے محبتیں سمیٹ کر جائیں گے۔ پرتپاک استقبال اور فول پروف انتظامات کرنے پر سکھ یاتریوں نے حکومت اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس بار پاکستان نے دل کھول کر ویزے دیے، جس پر شکر گزار ہیں، حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ نے بابا نانک کی دھرتی پر چار چاند لگا رکھے ہیں۔ بھارتی سکھ یاتریوں نے کہا کہ پاکستانی عوام سکھ قوم سے بے پناہ محبت کرتی ہے، ہم مہمان نہیں، پاکستان ہماری اپنی دھرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سکھوں کو اتنی عزت بھارت میں نہیں ملتی، جتنی پاکستان نے دی جس پر انتہائی شکر گزار ہیں۔

مصطفیٰ آباد: پاکستان میڈیا کونسل میاں چنوں کے عہدیداران کو مبارکباد: محمد عمران سلفی

شاندار تقریب حلف وفاداری سے مرکزی صدر مہر حمید انور دلو کا خطاب صحافیوں کی حقیقی ترجمانی تھا، صدر پریس کلب

مصطفیٰ آباد/الیانی (نمائندہ خصوصی) پاکستان میڈیا کونسل میاں چنوں کے عہدیداران کو مبارکباد: محمد عمران سلفی، شاندار تقریب حلف وفاداری سے مرکزی صدر مہر حمید انور دلو کا خطاب صحافیوں کی حقیقی ترجمانی تھا، صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد الیانی رجسٹرڈ تفصیلات کے مطابق پاکستان میڈیا کونسل میاں چنوں کے نو منتخب عہدیداران کو پریس کلب مصطفیٰ آباد الیانی رجسٹرڈ کی طرف سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے صدر پریس کلب محمد عمران سلفی نے کہا کہ میاں چنوں کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف وفاداری قابل تحسین ہے، کامیاب تقریب کرنے پر نو منتخب عہدیداران مبارکباد کے حق ہیں پاکستان میڈیا کونسل کے مرکزی صدر مہر حمید انور دلو صحافیوں کے لیڈر اور ان کے مسائل سے باخبر ہیں اور وہ ملک بھر کے صحافیوں کے مسائل کو حل کروانے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں، اس دور میں کسی کے لئے وقت نکالنا اس سے مشکل کام ہے، لیکن مہر حمید انور دلو ملک بھر میں ہونے والے تقریبات میں شرکت کر کے صحافیوں کی ترجمانی اور لیڈر شپ کا حق ادا کرتے ہیں، پاکستان میڈیا کونسل میاں چنوں کی تقریب حلف وفاداری میں شرکت کرنے والے مرکزی چیئرمین ریٹائرڈ بریگیڈیئر اعجاز ناصر ہمرکزی صدر مہر حمید انور دلو ہمرکزی نائب صدر آصف چوہدری، مرکزی جنرل سیکرٹری مہر سلیم اللہ، مرکزی صدر سوشل میڈیا ونگ پنجاب حکیم محمد شہزاد احمد اور صدر ہیلتھ ونگ پنجاب ڈاکٹر محمد یوسف ڈاہر و دیگر عہدیداروں کی شرکت بھی قابل تحسین ہے

روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید و پاکستان میڈیا ٹوڈے ٹیم

محمد خالد وسیم و شرکاء مہمانوں کی آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اس موقع پر سی ای او محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈسکہ شہر میں وسیم الیکٹرونکس کی نئی برانچ کے اس شاندار افتتاح کے موقع پر میں تمام معزز مہمانوں کا دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں آپ کی محبت اور تشریف آوری ہمارے لیے باعث فخر ہے۔ آج کا دن وسیم الیکٹرونکس کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہم نے ہمیشہ اپنے معزز صارفین کو بہترین معیار کی الیکٹرونکس مصنوعات فراہم کرنے کی کوشش کی ہے اور ڈسکہ میں اس نئی برانچ کا قیام بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ ہمارا مقصد صرف کاروبار کرنا نہیں بلکہ اپنے شہریوں کی سہولت اور آسانی میں اضافہ کرنا ہے خالد وسیم نے کہا کہ اس موقع پر یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ وسیم الیکٹرونکس صرف الیکٹرونکس مصنوعات کی فروخت تک محدود نہیں ہے۔ ہم ایک فلاحی سوچ کے تحت کام کرنے والے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ہم اپنے معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کی مدد کریں اور ان کی زندگیوں میں بہتری لائیں۔ انشاء اللہ مستقبل میں بھی ہم اپنی فلاحی سرگرمیوں کو جاری رکھیں گے اور اپنے وسائل سے بڑھ چڑھ کر اپنے معاشرے کے افراد کی خدمت کرتے رہیں گے۔

عظیم سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر خان ڈنڈوت کا آر ایس کے مونٹیسری سکول چکوال کا دورہ

سکول ڈائریکٹر نے سماجی خدمات پر راجہ مجاہد کو خصوصی ایوارڈ سے نوازا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) عظیم سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر خان ڈنڈوت کا آر ایس کے مونٹیسری سکول چکوال کا دورہ، سکول پہنچنے پر راجہ مجاہد افسر کا پرتپاک استقبال۔ اس موقع پر سکول کے ڈائریکٹر ملک فیصل نے ان کا استقبال کر کے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اور سماجی سیکٹر میں بے مثال خدمات پر انہیں خصوصی ایوارڈ سے نوازا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے راجہ مجاہد افسر کا یہ کہنا تھا کہ سکول انتظامیہ نے جس انداز میں ان کا استقبال کیا ہے میں اس پر ان کا مشکور ہوں۔ اور ان کے اج کے اس دورے کا بنیادی مقصد بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے ساتھ ساتھ سکول کی انتظامیہ اور تدریسی سٹاف کو پیشہ ورانہ خدمات پر ان کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

جمعیت علماء پاکستان کے زیر اہتمام فلسطین کے حق میں ریلی

پوری امت مسلمہ غزہ و فلسطین کے مسلمانوں سے مکمل اظہار یکجہتی کرتی ہے: علماء کرام

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) سالار جمعیت علماء پاکستان صاحبزادہ الشاہ محمد اویس نورانی صدیقی کی اپیل پر پورے پاکستان میں جمعیت علماء پاکستان کے زیر اہتمام فلسطینی مسل

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

فلسطین کے لیے 'جہاد' کا فتویٰ اور امن کی تلقین

اسلام آباد میں منعقد ہونے والی 'قومی فلسطین کانفرنس' کے شرکا نے ایک اعلامیہ میں فتویٰ جاری کیا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی مظالم کے بعد 'شرعاً الاقرب فی الاقرب کے اصول کے تحت تمام مسلمانوں پر جہاد واجب ہو چکا ہے'۔ اس موقع پر اس 'متفقہ' فتویٰ کی روشنی میں خطاب کرتے ہوئے مفتی تقی عثمانی نے سوال کیا کہ مسلم ممالک کی فوجیں اور اسلحہ کس کام کے ہیں، اگر وہ مسلمانوں کو اس ظلم و ستم سے نجات نہیں دلا سکتے۔ مفتی تقی عثمانی کے علاوہ مولانا فضل الرحمان، مفتی منیب الرحمان اور مختلف گروہوں اور جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والے متعدد لوگوں نے اس موقع پر پرجوش تقریریں کیں اور عوام کو جہاد کے فضائل سے آگاہ کیا۔ اور واضح کیا کہ اس کانفرنس کے متفقہ اعلامیہ اور فتویٰ کے بعد اب تمام مسلمان ملکوں پر فرض ہو گیا ہے کہ وہ اسرائیل کے خلاف اعلان جنگ کریں۔ جیسا کہ پاکستانی دینی رہنما و?ں کا وتیرہ ہے کہ تقریر کرتے ہوئے لوگوں کے جذبات کو ابھارا جاتا ہے اور کسی دلیل یا حجت سے معاملہ فہمی کا کوئی نکتہ سننے میں نہیں آتا۔ اس کانفرنس میں تقریر کرنے والے سارے بڑے چھوٹے علما کو یقین ہو گا کہ ان کی باتیں نہ اسرائیلی مظالم ختم کر سکتی ہیں اور نہ ہی اس سے غزہ یا فلسطین کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ البتہ اپنی سیاست کو زندہ رکھنے اور خود کو پاکستانی عوام کا 'حقیقی رہنما' ثابت کرنے کے لیے، مختلف مسالک اور نقطہ نظر سے تعلق رکھنے والے یہ سارے ملا 'متفق' تھے۔ کیوں کہ اسی طرح وہ اپنا اثر و رسوخ قائم رکھ سکتے ہیں۔ اس کانفرنس کے مقررین نے اس بات پر زور بیان صرف کیا کہ اب علما کا متفقہ فتویٰ آ چکا ہے اور تمام مسلمان حکومتیں اس پر عمل کرنے کی پابند ہیں۔ کانفرنس کے اعلامیہ میں جہاد کا فتویٰ ایک فقرے میں بیان کیا گیا ہے جبکہ باقی 'تفصیلات' ان پرجوش تقاریر میں موجود ہیں جو اس موقع پر ارزاں کی گئیں۔ فتویٰ جاری کرنے اور تقریروں میں اسے نافذ کرنے کا حکم دینے والے سب علما، دین کے ماہر کہلاتے ہیں اور دینی امور میں عوام کی رہنمائی کا فریضہ ادا کرتے ہیں۔ البتہ ان میں کسی عالم دین نے بھی اس موقع پر یہ سوال اٹھانے کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ کیا اسرائیل کے خلاف عسکری جہاد کا فتویٰ جاری کرتے ہوئے ان علمائے کرام نے فتویٰ کی بنیادی شرائط کو پورا کیا ہے۔ عام مسلمان بھی یہ جانتا ہے کہ کسی عالم دین کا لکھا یا کہا ہوا کوئی فقرہ فتویٰ نہیں ہو سکتا۔ فتویٰ خواہ ایک عالم دے یا متعدد علما اسے مل کر جاری کریں

،اسے کسی قانونی دستاویز کی صورت میں سامنے آنا چاہیے۔ اس دستاویز میں متعلقہ سوال کی نوعیت سے بحث کرنے کے بعد شرعی احکامات، قرآنی احکامات اور احادیث کی روشنی میں مثالیں دے کر واضح کرنا چاہیے کہ اس سوال کی روشنی میں کس قسم کا اقدام ضروری ہو جاتا ہے۔ فلسطین کانفرنس میں دھو?ں دار تقریریں کرنے والے مولویوں کو سب سے پہلے خود ہی یہ غور کرنا چاہیے کہ کیا انہوں نے فتویٰ جاری کرنے کی یہ بنیادی شرط پوری کی ہے؟ کانفرنس کے دوران یا اس کے بعد جاری ہونے والے اعلامیہ میں اسرائیل کے خلاف جہاد کے فتویٰ کی کوئی باقاعدہ دستاویز سامنے نہیں لائی گئی۔ نہ ہی یہ بتانے کی زحمت کی گئی ہے کہ کون کون سے علما اس فتویٰ پر غور کرنے کے لیے جمع ہوئے اور کس نے کیا دلیل دی۔ کیا یہ دلائل متفقہ تھے یا مختلف الخیال علما نے اس موضوع پر اپنی دینی رائے دیتے ہوئے کسی اختلاف کا اظہار بھی کیا۔ یہ دلائل اور ان میں اختلاف کی نوعیت کیا تھی اور اس اتفاق رائے پر پہنچنے کا فیصلہ کیسے اور کیوں کر کیا گیا؟ ان سوالوں کے جواب موجود نہیں ہیں۔ علمائے کرام پرجوش تقریریں کرنے کے بعد اب اپنے عشرت کدوں میں محو استراحت ہوں گے۔ لیکن کوئی ان سوالوں کا جواب دینے کے لیے موجود نہیں ہے جو کانفرنس کے اعلامیے میں جاری کیے گئے نام نہاد فتویٰ اور ان علمائے کرام کی تقاریر سے سامنے آتے ہیں۔ ان سوالوں میں چند بنیادی سوال یہ ہیں

اب انہیں ڈھونڈ چراغ رخ زیبا لے کر

تحریر: خالد جاوید چودھری

1960 سے 1974 تک میں حصول تعلیم کے سلسلہ میں بورے والا مقیم رہا۔ پرائمری تک مجھے اس بات کا اندازہ نہیں ہے کہ میں کیسا طالب علم تھا۔ کیوں کہ حساب پڑھتے ہوئے بھی کبھار ابا جی سے ٹھکائی ہو جایا کرتی تھی لیکن پانچویں جماعت کا امتحان دینے کے بعد حصولِ وظیفہ کے لیے امتحان دینے والے طلبا ں میرا شمار ہوتا تھا۔ ہماری پانچویں کلاس کے پیر بھا جی مختار تھے۔ بہت چاق و چوبند، خوش باس، دبنگ لہجہ اور سکول میں منفرد حیثیت کے لک تھے۔

اس دور میں سکول اساتذہ کو ماسٹر جی یا ستاد جی کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ لیکن انہیں ان بنوں الفاظ سے چڑ تھی اور انہوں نے اپنے طلبا کو سختی سے تنبیہ کر رکھی تھی کہ انہیں بھا جی کہہ کر ایا جائے۔ بھا جی کے وہ تمام سابق شاگرد جو ئی سکول میں پڑھتے تھے۔ سکول میں چھٹی ونے کے بعد ان میں سے کچھ طلبا بھا جی سے ملنے کے لیے ہمارے کلاس روم میں آیا کرتے تھے۔ طریقِ کار یہ ہوتا کہ بھا جی کرسی پر تشریف رما ہوتے۔ ملاقات کے لیے آنے والا ہر ناگرد کمرے میں آ کر بھا جی کے ساتھ گلے ملتا اور ان کے قریب ہی مودب ہو کر بیٹھ جاتا۔ مجھے ان کا یہ انداز بہت اچھا لگتا تھا اور میں نے بھی تہیہ کر لیا تھا کہ اگلی جماعتوں میں جانے کے بعد میں بھی ایسے ہی بھا جی سے ملنے آیا کروں گا۔ یہ اور بات ہے کچھ دیگر حالات و واقعات کی بنا پر میں اپنے اس عہد پر پورا نہ اتر سکا۔

پانچویں جماعت کے سالانہ امتحان کے بعد کلاس کے دس بارہ طلبا نے وظیفے کے امتحان کی تیاری شروع کر دی۔ جن میں میں بھی شامل تھا۔ صبح سویرے ہی کلاس میں پہنچ جاتے اور بھا جی کی نگرانی میں سارا سارا دن ریاضی اور اردو کی تیاری کرتے رہتے۔ ریاضی کے پیچیدہ اور طویل سوالات اور اردو کی مشکل اور گنجلک تحریریں پڑھنے اور لکھنے میں سارا دن صرف ہو جاتا۔ پرائمری سکول کے بقیہ تمام طلبا ہمیں رشک بھری نظروں سے دیکھا کرتے اور سکول اساتذہ کا ہمارے ساتھ رویہ بھی ایک دم بہت بہتر ہو گیا تھا۔ ہمیں یوں لگتا تھا کہ اساتذہ کرام بھی ہمیں عزت و احترام کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ گویا کہ ہم پورے سکول کا ایک ایسا قیمتی اثاثہ تھے۔ جس نے اس ادارے کے مقام و مرتبہ کو اپنی کارکردگی اور کارگزاری سے بامِ عروج پر پہنچانا تھا۔

دو تین ہفتے ہم سب لوگوں نے اسی ٹھاٹھ کے ساتھ سکول میں گزارے۔ ان دنوں وظیفے کا امتحان ضلعی سطح پر ہوا کرتا تھا۔ ضلعی صدر مقام پر سب امیدواروں کو اکٹھا کیا جاتا۔ پہلے دن ان کا ریاضی کا پرچہ لیا جاتا اور اسی دن مارکنگ بھی کر دی جاتی۔ فیل ہونے والے لڑکے سرِ شام ہی اپنے اپنے گھروں کو واپس لوٹ جاتے اور صرف میرٹ پر آنے والے طلبا کا اگلے روز اردو کا امتحان لیا جاتا اور صرف انہی دونوں مضامین میں کارکردگی کی بنا پر وظیفہ حاصل کرنے والے طلبا کے ناموں کا اعلان کر دیا جاتا۔ ہم لوگ بھی امتحان سے ایک دن پہلے اپنے اپنے بستروں، کتابوں اور دیگر ضروری سامان کے ساتھ ماڈل ہائی سکول وہاڑی پہنچ گئے اور وہاں پر ایک کلاس روم میں ٹاٹوں کے اوپر اپنا اپنا ڈیرہ جما لیا۔

مغرب کے قریب تین چار ساتھی ایک جگہ پر بیٹھے آہستہ آہستہ کچھ کھسر پھسر کر رہے تھے۔ قریب جانے پر معلوم ہوا کہ فلم دیکھنے کا پروگرام بن رہا ہے۔ میں نے اس وقت تک کوئی فلم نہیں دیکھی تھی لیکن ہمہ یاراں دوزخ کے نظریے کے تحت میں نے بھی اس فلم بین گروپ میں شمولیت کی حامی بھر لی۔ اس گروپ کی زیرِ زمین سرگرمیوں کی بدولت سبھی طلبا سے رابطہ کیا گیا۔ دو تین طلبا کے علاوہ باقی سبھی لڑکوں نے اس پروگرام میں شمولیت کے لیے اپنی رضا مندی کا اظہار کر دیا تھا۔ اب ڈرتے ڈرتے اجازت کے حصول کے لئے بھا جی سے رابطہ کیا گیا۔ انہوں نے بغیر کسی حیل و حجت کے ہمیں فلم دیکھنے کی اجازت دے دی۔ اس طرح زندگی میں پہلی بار فلم تلاش وہاڑی کے سینما میں دیکھی گئی۔

اگلے دن ریاضی کا پرچہ دینے گئے تو اکثر سوال سر کے اوپر سے گزر گئے۔ پرچے کے دورانیے میں بیٹھے جوابی کاپی کے اوپر مکھی پر مکھی مارتے رہے۔ کمرہ امتحان سے باہر نکلے۔ تو باہر بھا جی بڑی بے چینی سے ہمارا انتظار کر رہے تھے۔ سبھی لوگوں نے پرچہ بہت اچھا ہوا ہے کا سیاسی بیان جاری کر دیا۔ شام کو ہم تین چار طلبا سکول دیکھنے کے بہانے کمرے سے باہر آ گئے۔ تھوڑی دیر ادھر ادھر گھومتے رہے۔ واپسی پر جب کمرے میں داخل ہوئے تو یہاں پر موجود سبھی حصولِ وظیفہ کے لیے اپنے امیدوار ساتھیوں کو اپنا ساز و سامان سمیٹتے ہوئے پایا۔ صورتِ حال دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ہمارا پورے کا پورا گروپ ہی ریاضی کے پرچے میں فیل ہو چکا ہے اور اب واپسی کی تیاری ہے۔ اس طرح بڑے بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے کے مصداق ہم ابتدا میں ہی وظیفے کے امتحان سے باہر ہو گئے۔

چھٹی جماعت میں اسی سکول کے ہائی حصے میں داخل ہو گئے۔ ہمارے کلاس انچارج ماسٹر عبدالمجید صاحب تھے۔ جو ایک ایسے روایتی استاد تھے جن کی شخصیت میں طلبا کے لیے یا کم از کم میرے لیے تو کوئی خاص جاذبیت نہیں تھی۔ بہرحال یہ سلسلہ آگے بڑھتا رہا۔ انگریزی اور عربی دو نئے مضامین ہمارے سلیبس میں شامل ہو چکے تھے۔

ہمارا معمول یہ تھا کہ ہفتے کے دن سکول سے چھٹی کے بعد میں اور ابا جی دونوں بورے والا سے اپنے گاؤں جایا کرتے تھے اور سوموار کو صبح سکول ٹائم پر واپسی ہوتی۔ مجھے چھٹی جماعت میں داخل ہوئے ایک ڈیڑھ ماہ ہو چکا تھا کہ ایک سوموار کو گاؤں سے سکول پہنچنے میں آدھ پون گھنٹہ دیر ہو گئی تو ماسٹر صاحب سخت ناراض ہوئے میں خاموشی سے کھڑا رہا۔ ان کے دریافت کرنے پر میں نے وضاحت کی کہ میں اپنے والد صاحب کے ساتھ سائیکل پر سکول آتا ہوں۔ جو کہ پرائمری حصے میں ٹیچر ہیں۔ اس بات سے ماسٹر صاحب ہتھے سے اکھڑ گئے اور انہوں نے ایک طویل تقریر کی جس کا لب لباب یہ تھا کہ اگر تمہارے والد ٹیچر ہیں تو اس کا یہ مطلب تو نہیں ہے کہ تم جب چاہو سکول آ جاؤ۔ اس ساری گفتگو سے مجھے محسوس ہوا کہ انہوں نے ابا جی کو بھی اپنی تنقید اور تضحیک کا ہدف بنایا ہے۔ یہ بات مجھے سخت ناگوار گزری لیکن میں خاموشی سے بیٹھ گیا۔ چھٹی کے بعد جب میں گھر واپس آیا تو میں نے ابا جی کو واشگاف الفاظ میں بتایا کہ میں نے سکول پڑھنے نہیں جانا۔ وہ بہت پریشان ہوئے اور مجھ سے وجہ دریافت کی لیکن میری ایک ہی رٹ تھی کہ بس میں نے نہیں پڑھنا۔ مجھے اس واقعہ سے اس حقیقت کا ادراک ہوا کہ عزتِ نفس بچوں میں بھی ہوتی ہے۔ اس ایک چھوٹے سے واقعے نے میری آئندہ زندگی پر گہرے اثرات مرتب کیے اور میں نے اپنی چھتیس سالہ طویل تدریسی زندگی میں اپنے طلبا کو کبھی تضحیک کا نشانہ نہیں بنایا۔ ہمیشہ انہیں پورے نام سے پکارتا اور ان کی عزتِ نفس کا پورا پورا خیال رکھتا۔ ابا جی کے اصرار پر میں نے مختصرا سارا قصہ بیان کر دیا۔ بات ان کی سمجھ میں آ گئی مجھے کہنے لگے آپ کو کسی دوسرے سیکشن میں داخل کرا دیتے ہیں۔

جہاں عبدالمجید صاحب کا کوئی پیریڈ نہ ہو۔ میں اس شرط پر سکول جانے میں رضامند ہو گیا۔ اگلے دن جب ابا جی عبدالمجید صاحب سے ملے اور انہیں بتایا کہ ہم اپنے بچے کا سیکشن تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو انہوں نے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ وہ تو ہماری کلاس کا بہت اچھا سٹوڈنٹ ہے۔ ہم اسے سیکشن تبدیل نہیں کرنے دیں گے۔ آپ ایک بار اس کو مجھ سے ملوائیں میں اس کی غلط فہمی کو دور کرتا ہوں۔ میں نے تو کوئی ایسی ناخوشگوار بات نہیں کی ہو سکتا ہے

ٹرمپ اور "کالی گولا" میں مماثلت

تحریر: نصرت جاوید

پرخلوص دوست سنجیدگی سے سمجھا رہے ہیں۔ ان کی خواہش ہے کہ میں امریکی صدر کے رویے کے بارے میں تبصرہ آرائی کرتے ہوئے "احتیاط" سے کام لوں۔ اس کے ملک کی وزارتِ خارجہ متنبہ کر چکی ہے کہ امریکی ویزا جاری کرنے سے قبل اس کے خواہش مند شخص کے موبائل فون کی "تلاشی" ہو گی۔ دیکھا جائے گا کہ وہ دنیا کی سپر طاقت کہلاتے ملک کے بارے میں فیس بک اور ٹویٹر وغیرہ پر کیا لکھتا ہے۔ میں تو ایک معتبر و مستند اخبار کے لئے ہفتے میں پانچ دن کالم لکھتا ہوں۔ ان میں سے کم از کم دو تو گزشتہ کئی دنوں سے ٹرمپ کی ذات اور سیاست پر نکتہ چینی پر مبذول رہے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ امریکی ویزے سے انکار ہو جائے۔

امریکہ جانے کا لیکن مجھے کبھی شوق نہیں رہا۔ اس کے باوجود یہ حقیقت بھی کھلے دل سے تسلیم کرنا ہو گی کہ زندگی میں پہلی بار امریکہ گیا تو وہاں کے مدیرانِ اخبار کی ایک تنظیم کی دعوت پر گیا۔ اس تنظیم نے "تیسری دنیا" کہلاتے ممالک کے تقریباً 120 نوجوان صحافیوں سے 1986ء کے آغاز میں رابطہ کیا۔ ان سے درخواست ہوئی کہ وہ جس اخبار کے لئے کام کرتے ہیں اس میں چھپی اپنی چھ کے قریب خبریں یا کالم بھیجیں۔ ان کا جائزہ لینے کے بعد یہ فیصلہ ہو گا کہ انہیں امریکہ بلانے کی دعوت دی جائے یا نہیں۔

مجھے یہ دعوت ملی تو چھ کے قریب خبریں یا کالم بھیجنے کی شرط کو رعونت سے اپنی تحقیر سمجھا۔ ان دنوں امریکی وزارت اطلاعات کی جوافسر اسلام آباد میں تعینات تھیں نہایت شفیق بزرگ تھیں۔ انہوں نے گھر بلا کر مہربان ماؤں کی طرح مجھے نرم رویہ اختیار کرنے کو مجبور کیا۔ مشاہد حسین سید میرے ایڈیٹر تھے۔ وہ اپنے مخصوص انداز میں میرے اندر موجود "انقلابی" کا چسکہ لیتے ہوئے اصرار کرتے رہے کہ مجھے علم کی خاطر جو دعوت ملی ہے اس کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنا چاہیے۔ میں نے اپنے لکھے پانچ کالم اور ایک خبر لہٰذا بھجوا دی۔ اس کے بعد مجھ سے لکھ کر کچھ سوالات ہوئے۔ وہ میرے صحافت کے بارے میں نظریات جاننے کے لئے ڈیزائن ہوئے تھے۔ میں نے ان کا بھی برجستہ دیانتداری سے جواب دیا۔ دو ماہ بعد امریکہ آنے کی دعوت مل گئی۔ حیران کن اطلاع یہ بھی ملی کہ دنیا میں سفارت کاری کی تعلیم کے لئے بوسٹن کا مشہور فلیچر سکول آف لاء اینڈ ڈپلومیسی ہمارے پروگرام کا نگہبان ہو گا۔ امریکہ کے واپسی سمیت سفر اور وہاں رہنے کے تمام اخراجات کی ذمہ داری بھی میزبانوں نے اٹھائی۔ اس کے علاوہ روزانہ خرچے کے لئے معقول رقم بھی فراہم ہوئی جسے خرچ کرتے ہوئے میں تقریباً تھک جاتا۔

مذکورہ پروگرام چھ ماہ تک جاری رہا۔ اس کے دوران میں امریکہ کے تمام بڑے اخبارات اور ٹی وی سٹیشنوں میں گیا۔ اس کے علاوہ ایک مہینے تک سان فرانسسکو کے ایک تاریخی اخبار میں ایک مہینے تک وہاں کے سٹاف کی طرح کام بھی کیا۔ پروگرام ختم ہونے کے عین دوسرے روز مگر پاکستان لوٹ آیا۔ اس پروگرام کے علاوہ تقریباً ہر دوسرے برس اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس پر رپورٹنگ کے لئے بھی نیویارک جاتا رہا ہوں۔ نائن الیون کے بعد بھی مجھے امریکہ جانے کا پانچ سال والا ویزا ہمیشہ میسر رہا۔ عمران خان کی حکومت نے جب مجھے ٹی وی سکرینوں کے لئے بوجھ ٹھہرایا تو میرے پاس امریکہ میں قیام کے لئے چار سال کا ویزا موجود تھا۔ کئی دوستوں نے مشورہ دیا کہ وہاں جا کر یوٹیوب شروع کر دوں۔ اس ضمن میں چند مہربان خرچہ اٹھانے کو بھی تیار تھے۔ طبیعت مگر اس طرف مائل ہی نہ ہوئی۔ اپنے گھر میں رہتے ہوئے ہی مشکل وقت کا سامنا کیا۔ عمر کے اس حصے میں جبکہ دنیا چھوڑنے کی تیاری ہو رہی ہے وطن چھوڑ کر امریکہ جانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔ ٹرمپ کے بارے میں اپنے خیالات کے اظہار سے لہٰذا باز نہیں آؤں گا۔

جب سے اس نے دوسری بار صدر کا عہدہ سنبھالا ہے اقبال کا "ثبات اک تغیر کو ہے..." ہر صبح یاد آ جاتا ہے۔ چند ہی روز قبل پاکستان سمیت دنیا کے تقریباً ہر ملک کی امریکہ آنے والی مصنوعات پر اس نے اضافی ٹیکس عائد کر دیا تھا۔ درآمدات پر لگائے ٹیکس کو اقتصادی زبان میں ٹیرف کہا جاتا ہے۔ سب سے زیادہ ٹیرف چین کی مصنوعات پر لگائے گئے۔ ان پر ٹیکس لگانے کی وجہ سمجھ آ سکتی ہے۔ "امریکہ کو دوبارہ عظیم" بنانے کے جنون میں ٹرمپ نے مگر جرمنی اور جاپان جیسے "دوست" ممالک کی مصنوعات پر بھی بھاری بھرکم ٹیکس لگا دئے۔ اس کے فیصلے کی وجہ سے دنیا بھر کی سٹاک ایکس چینج کریش ہو گئیں۔ سارا عالم سکتے میں آ گیا۔ یہ خوف پھیلنا شروع ہوا کہ دنیا 19 ویں صدی کے ابتدائی برسوں کی طرح کساد بازاری کی جانب بڑھ رہی ہے جو بالآخر پہلی عالمی جنگ کا باعث ہوئی تھی۔ پاکستان جیسے ممالک کساد بازاری کے امکانات کو ذہن میں رکھتے ہوئے متبادل حکمت عملی تیار کر رہے تھے تو بدھ کی شب امریکہ کی صبح کا آغاز ہوتے ہی ٹرمپ نے اعلان کر دیا کہ فی الوقت وہ چین کے سوا دنیا کے ہر دوسرے ملک کی مصنوعات پر لگائے ٹیکس کو 90 دنوں کے لئے موخر کر رہا ہے۔ اس کی وجہ اس نے یہ بتائی کہ ان سب ممالک نے غصے میں آ کر امریکی مصنوعات پر جوابی ٹیکس عائد نہیں کئے۔ امریکہ سے بلکہ درخواست کی ہے کہ وہ ان کا کیس توجہ سے سن کر ان کی مصنوعات پر ٹیکس کی شرح عائد کرنے یا نظر انداز کر دینے کا فیصلہ کرے۔ چین کی مصنوعات پر اگرچہ ٹیکس کو 125 فی صد کر دیا گیا ہے۔

کھوئی ہوئی جمہوریت، حقوق اور نہروں کیخلاف تحریک

تحریر: محمد احسان لغاری

جب سے معاشرہ وجود میں آیا ہے، تب سے کسی نہ کسی شکل میں سماجی تحرک معاشرے کے جسم میں خون کی مانند گردش کرتا رہا ہے۔ انہی سماجی ڈھانچوں سے بادشاہتیں، ریاستیں، جمہوریتیں، ممالک اور حکومتیں جنم لیتی رہی ہیں۔ ریاست اور حکومت کے نظم و نسق کے ساتھ سماجی تحریکیں بھی کسی نہ کسی صورت میں جڑی رہی ہیں۔

نئی سماجی تحریکیں اور متنازع رویوں کے مظاہر کو سڈنی ٹارو، جو اس موضوع پر گہری بصیرت رکھتے ہیں، یوں بیان کرتے ہیں: "سماجی تحریکیں ایسی اجتماعی للکار ہوتی ہیں جن کی جڑیں مشترکہ مقاصد، پائیدار رفاقت اور یکجہتی میں پیوست ہوتی ہیں۔ یہ تحریکیں بالعموم طاقتور اور با اختیار اشرافیہ سے ٹکرا کر بنیادی تبدیلیاں لانے کی کوشش کرتی ہیں، یا پھر کسی تبدیلی کے خلاف مزاحمت کرتی ہیں۔" دنیا کی تحقیقات یہ بھی ظاہر کرتی ہیں کہ عدم تشدد پر مبنی تحریکیں زیادہ کامیاب ثابت ہوئی ہیں اور انہیں ملکی، علاقائی اور عالمی سطح پر پہچان اور حمایت بھی حاصل ہوتی ہے۔

برصغیر کی مشترکہ تاریخ بھی اس کی گواہ ہے۔ پاکستان کا دنیا کے نقشے پر ایک آزاد ریاست کے طور پر ابھرنا، عدم تشدد اور جمہوریت پر یقین رکھنے والی جدوجہد کا نتیجہ تھا۔ آج ہم جس تحریک کو "سندھ، سندھو اور جمہوری حقوق کے تحفظ کی تحریک" کہہ سکتے ہیں، اس کے بارے میں سیاسی جماعتوں کی یکجہتی اور قیادت کے سوالات سامنے آ رہے ہیں۔

سماجی سائنس، سوشیالوجی، اینتھروپالوجی، سیاسیات، فلسفہ، تاریخ اور ذرائع ابلاغ کا علم ایسے سوالات پر مسلسل تحقیق کرتا رہا ہے۔ یہاں ہم کسی مخصوص نظریاتی بحث میں جائے بغیر، صرف جمہوری حقوق سے جڑی اس تحریک، اس میں شامل افراد اور تنظیموں کے کردار، اور قیادت کے سوال پر بات کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اگر دوسری جنگ عظیم کے بعد کے سماجی تحرکات کو دیکھیں، تو ان میں جمہوریت کے فروغ، ووٹ کے حق، نسلی امتیاز کے خاتمے، محنت کشوں اور کسانوں کے حقوق، خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے، ان کی خودمختاری، مقامی باشندوں کے حقوق، آزادی کی جدوجہد، بیرونی اثرات سے نجات، اشتراکیت، ماحولیات، ماحولیاتی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، انسانی حقوق، مظلوم طبقات، عورت مارچ، بلیک لائیوز میٹر، ٹریڈ یونینز کی جدوجہد، تنخواہوں میں اضافہ، مہنگائی، امتیازی سلوک، اور ہندوستان میں کسان تحریک جیسے موضوعات شامل ہیں۔

سندھ میں بھی کسانوں کے حقوق، ون یونٹ کے خاتمے، جمہوریت کی بحالی، سندھی زبان کو قومی زبانوں میں شامل کرنے، کالا باغ ڈیم کے خلاف جامع تحریک، گریٹر تھل کینال پر شدید مزاحمت، خواتین کے حقوق، ثقافت کی بحالی اور اس کی عزت کی تحریکیں، "ثقافت کے دن" کی صورت میں سامنے آئیں۔ آج جو تحریک متنازعہ نہروں کے خلاف جاری ہے، وہ باقی تمام تحریکوں سے زیادہ گہری، پھیلی ہوئی اور وسیع ہے۔ یہ تحریک نہ تو محض جمہوریت کی بحالی کے لیے ہے اور نہ ہی کسی ذاتی مفاد کے لیے؛ یہ جمہوری اور آئینی حقوق کے تحفظ کی تحریک ہے۔

پانی زندگی کی بنیاد ہے، اور سندھ کے لیے یہ صرف ایک ضرورت نہیں بلکہ اس کی بقاء، خوشحالی اور اقتصادی طاقت کا ضامن بھی ہے۔ سندھ میں پانی کی قلت کی وجہ وہ فیصلے ہیں جو گزشتہ ڈیڑھ صدی سے کیے گئے اور جن میں سندھ کو نظر انداز کیا گیا۔ ان فیصلوں نے نہ صرف سندھ کی تاریخی خوشحالی اور ماحولیاتی توازن کو نقصان پہنچایا بلکہ زراعت، صحت، سماجی اور معاشی ترقی کو بھی متاثر کیا۔ اب سندھ اپنے آئینی اور قانونی حق کا مطالبہ کر رہا ہے، جو ہر پاکستانی کا حق ہے۔ یہ تحریک آئین پر مبنی اصولوں پر استوار ہے اور جمہوریت کی پاسداری کی تحریک ہے۔

یہ تحریک یہ پیغام دیتی ہے کہ "اختیار رکھنے والے لوگ آئین اور قانون سے بالاتر ہو کر فیصلے نہیں کر سکتے۔" اس پس منظر میں سندھ کی پانی کے لیے تحریک ایک نہایت اہم اور ناگزیر جدوجہد کے طور پر ابھری ہے، جو سندھ کے لوگوں کے آئینی حقوق، بقاء اور زندگی سے جڑی ہے۔

سندھ انگریز دور سے لے کر آج تک پانی کے اپنے حق کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہا ہے۔ مارشل لا ہو، جمہوریت ہو یا ہائبرڈ نظام۔ سندھ نے پانی کے لیے اپنی جدوجہد میں کبھی سانس نہیں روکا اور نہ ہی "اچھے یا برے وقت" پر یقین کیا ہے۔ سندھ نے عوام کی صورت میں، ایک آواز ہو کر للکارا ہے۔ یہ تحریک سندھ کی اجتماعی اور آئینی للکار ہے۔ سندھو دریا، سپت سندھو، اور سندھو کے تمام دریا، صرف نام ہی نہیں!۔ جو سندھ کے سماجی، معاشی، ماحولیاتی اور ثقافتی وجود کی بنیاد ہیں۔ یہ کوئی نعرہ نہیں بلکہ حقیقت ہے۔

اس تحریک کا بنیادی مقصد سندھ کے عوام کو ان کے آئینی حقوق کے تحت پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا اور اس کے پائیدار نظم و نسق کے لیے آواز بلند کرنا ہے۔ یہ تحریک کسی سیاسی جماعت کے محدود یا ذاتی مفادات سے متعلق نہیں بلکہ سندھ کی مجموعی بھلائی، اس کی صوبائی اور وفاقی وحدت کی آئینی حیثیت اور عوام کی خودداری سے جڑی ہوئی ہے۔

"یہ سندھ کی بنیادی حیاتیاتی ضرورت کی بات ہے؛ یہ سندھ کی بقاء ہے! کسی بھی جماعت کی حکومت یا کسی فرد یا گروہ کا ذاتی مفاد، سندھ کی بقاء کی اس جدوجہد کے آگے کوئی معنی یا اہمیت نہیں رکھتا۔"

ہمیں سمجھنا چاہیے کہ یہ سماجی تحریک صرف پانی کی قلت کے حل تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ سندھ اور پاکستان کے عوام کے حقوق کے تحفظ اور عزت سے زندگی گزارنے کی ضمانت ہے۔

سیاسی جماعتوں کا کردار اس تحریک میں انتہائی اہم ہے۔ روشن خیال، جمہوریت پسند، اور سندھ کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے والی سیاسی جماعتیں، سماجی تنظیمیں، سول سوسائٹی، مصنفین، ماہرین، صحافی، خواتین، مرد، بچے، فنکار، وکیل۔ پوری سندھ، بغیر کسی پارٹی یا نظریاتی تفریق کے اس میں شامل ہے۔ سندھ کی سیاسی اور سماجی ساخت نے اسے متحرک کیا ہے، اسی لیے ہر سطح پر سیاسی جماعتوں کا کردار اہم ہے۔

اگرچہ سیاسی جماعتیں اس تحریک کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کر سکتی ہیں، لیکن اس کا اصل جوہر اور مقصد سیاست سے بالاتر ہے۔ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کسی بھی مقصد یا کردار کا سیاست سے بالاتر ہونا بھی ایک سیاسی عمل ہے! اس نکتہ کو سمجھنا ضروری ہے۔ سندھ کے عوام نے سیاسی جماعتوں پر لازم کر دیا ہے کہ وہ اس تحریک میں عملی کردار ادا کریں اور پاکستان کے آئین و جمہوری اقدار پر مبنی پالیسی سازی کا حصہ بنیں۔ اب تمام سیاسی جماعتوں اور حکمرانوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اس تحریک پر سنجیدگی سے غور کریں اور عوام کے ساتھ کھڑے ہوں۔

یہ پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے اٹھنے والی آواز اب سندھ کے ساتھ ساتھ جنوبی پنجاب، وسیب، پنجاب کے روشن خیال سیاسی و سماجی حلقوں، ماہرینِ آب، اور کاشتکار تنظیموں کی جانب سے بھی بلند ہو رہی ہے۔ درحقیقت سندھ کی یہ تحریک پاکستان کی پائیدار

9 مئی تاریخ کا سیاہ باب اور قیادت کی آزمائش

تاریخ قوموں کی زندگی میں آئینہ ہوتی ہے، جو ماضی کی جھلک دکھا کر حال میں رہنمائی اور مستقبل کی سمت طے کرنے میں مدد دیتی ہے۔ قوموں کی تاریخ میں کچھ لمحات ایسے آتے ہیں جو صرف حادثات نہیں بلکہ آزمائش ہوتے ہیں۔ قوم، ریاست اور قیادت، سب کے لیے۔ 9 مئی 2023 کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک افسوسناک اور غیر معمولی سانحہ بن کر سامنے آیا، جس کی نوعیت اور شدت نے نہ صرف ریاستی اداروں کو جھنجھوڑا بلکہ قومی وحدت پر بھی سوالیہ نشان لگا دیا۔

پنجاب حکومت کی حالیہ رپورٹ کے مطابق، سانحہ 9 مئی کے دوران پنجاب بھر کے 38 اضلاع میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات پیش آئے، جن سے مجموعی طور پر 19 کروڑ 70 لاکھ روپے کی املاک کو نقصان پہنچا۔ لاہور میں سب سے زیادہ 11 کروڑ روپے، راولپنڈی میں 2 کروڑ 60 لاکھ، اور میانوالی میں 5 کروڑ روپے کے نقصان کی تفصیل رپورٹ میں شامل ہے۔ ان واقعات کے تناظر میں 319 مقدمات درج ہوئے اور 35 ہزار سے زائد افراد کو نامزد کیا گیا، جن میں سے 24 ہزار سے زائد تاحال مفرور ہیں۔

یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ سیاست میں گرفتاریاں، جلاوطنی، پھانسیاں اور نااہلیاں کوئی نئی بات نہیں۔ ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی ہو یا محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت، قوم نے غم و غصہ ضرور محسوس کیا، لیکن اس کا اظہار کبھی ریاستی اداروں پر حملوں کی صورت میں نہیں ہوا۔ خاص طور پر آصف علی زرداری کا "پاکستان کھپے" کا نعرہ ایک تاریخی موڑ تھا، جس نے جذبات کے طوفان کے آگے بند باندھ دیا۔ یہی قیادت کا اصل کردار ہوتا ہے۔ جذبات کو سمت دینا، انتقام کو تدبر میں بدلنا، اور احتجاج کو پُرامن رکھنا۔

9 مئی کے واقعات اس اعتبار سے منفرد اور افسوسناک ہیں کہ یہ صرف ایک احتجاج نہیں بلکہ منظم حملوں کی شکل اختیار کر گئے۔ رپورٹ میں وا





جنوبی افریقی کرکٹر پر ایک سال تک پی ایس ایل کھیلنے پر پابندی عائد

کوربن بوش کا پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن سے دستبردار ہونے کے فیصلے پر افسوس کا اظہار



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے جنوبی افریقی آل راؤنڈر کوربن بوش پر ایک سال تک پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کھیلنے کی پابندی عائد کردی۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق جنوبی افریقہ کے آل راؤنڈر کوربن بوش نے پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن سے دستبردار ہونے کے فیصلے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ کوربن بوش کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ مجھے پی ایس ایل سے دستبردار ہونے کے اپنے فیصلے پر افسوس ہے، میں پاکستانی عوام اور پشاور زلمی کے مداحوں سے معذرت خواہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل ایک شاندار ٹورنامنٹ ہے اور میں اس بات کو سمجھتا ہوں کہ میری اس حرکت سے شائقین کو شدید مایوسی ہوئی۔ کاربن بوش نے کہا کہ میں نہ صرف اپنے عمل کی مکمل ذمہ داری قبول کرتا ہوں بلکہ اس کے نتائج کو بھی تسلیم کرتا ہوں جس میں ایک سال کی پابندی اور جرمانہ شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس ناخوشگوار تجربے سے سیکھنے کے لیے پرعزم ہوں

بابر اعظم پریکٹس کے دوران انجرڈ، لنگڑا کر چلنے کی ویڈیو سامنے آگئی

ویڈیو سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بابر اعظم کو چلنے میں دشواری کا سامنا ہے



لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ 10 کی ٹیم پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم اسلام آباد میں پریکٹس سیشن کے دوران انجری کا شکار ہو گئے۔ بابر اعظم کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے جس میں انہیں پریکٹس سیشن کے دوران انجری کے بعد ڈریسنگ روم تک لنگڑا کر جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بابر اعظم کو چلنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تربیتی سیشن کے دوران بابر اعظم کی گیند پاؤں پر لگی تھی تاہم یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ بابر اعظم کی انجری کی نوعیت کیا ہے۔

کنگنا رناوت کو 1 لاکھ روپے کا بجلی کا بل ملنے کی وجہ سامنے آگئی

اداکارہ نے دو ماہ سے اپنے واجب الادا بل جمع نہیں کرائے جس پر بل زیادہ آیا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ و سیاسی رہنما کنگنا رناوت کو 1 لاکھ روپے کا بجلی کا بل موصول ہونے کی مبینہ وجہ سامنے آ گئی۔ بھارتی ریاست ہماچل پردیش میں کنگنا رناوت نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انکشاف کیا تھا کہ میرے منالی کے گھر کا بجلی کا بل 1 لاکھ روپے آیا ہے، میں جس میں رہتی بھی نہیں ہوں۔ اداکارہ نے حد سے زائد بجلی کے بل پر ہماچل پردیش کی حکومت کو کڑی تنقید کا بھی نشانہ بنایا تھا۔ بھارت میڈیا کے مطابق ہماچل پردیش اسٹیٹ الیکٹرسٹی بورڈ لمیٹڈ (HPSEB) کی جانب سے یہ وضاحت کی گئی ہے کہ کنگنا رناوت نے 2 ماہ سے 90، 384 روپے کے پرانے واجبات سمیت بل ادا نہیں کیے ہیں۔ اس حوالے سے جاری کیے گئے بیان میں ہماچل پردیش اسٹیٹ الیکٹرسٹی بورڈ لمیٹڈ نے کہا ہے کہ 90، 384 روپے کے بل 2 ماہ جنوری اور فروری کے تھے جن میں 32، 287 روپے کے سابقہ واجبات بھی شامل تھے۔ اس وضاحت کے بعد ریاست کے وزیر کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بل ادا نہیں کرتیں اور پھر حکومت کو برا بھلا کہتی ہیں۔

جو عزت نہ دے، اس کی زندگی میں جگہ نہیں، رمشا خان

میری والدہ نے ہی مجھے اداکاری کی دنیا میں قدم رکھنے پر آمادہ کیا، اداکارہ



کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی باصلاحیت اور مقبول اداکارہ رمشا خان نے کہا ہے کہ جو عزت نہ دے، اس کی زندگی میں جگہ نہیں۔ رمشا خان نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے بارے میں کھل کر گفتگو کی ہے۔ انہوں نے اپنی اداکاری کے سفر، ذاتی اصولوں اور زندگی کے تجربات پر روشنی ڈالی۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ میں بچپن سے ایک انٹروورٹ (کم گو اور تنہائی پسند) شخصیت رکھتی ہوں اور اگر میری والدہ مجھے نہ ابھارتیں، تو شاید آج بھی اپنے کمرے میں بیٹھ کر ویڈیو گیمز کھیل رہی ہوتی۔ انہوں نے بتایا کہ میری والدہ نے ہی مجھے اداکاری کی دنیا میں قدم رکھنے پر آمادہ کیا اور یہ فیصلہ میرے کیریئر کا ایک اہم موڑ ثابت ہوا۔ انٹرویو کے دوران رمشا خان نے تعلقات اور دوستی سے متعلق اپنے واضح اصولوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں لوگوں کو دوسری بار موقع ضرور دیتی ہوں، خاص طور پر اگر ان سے کوئی غلطی ہو جائے، لیکن اگر کوئی شخص میری بے عزتی کرے، تو اسے اپنی زندگی سے مکمل طور پر نکال دیتی ہوں۔

ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر 2025 میں اتوار کو مزید دو میچ کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر 2025 اینوٹ پاکستان میں شروع ہو چکا ہے، جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ ٹورنامنٹ میں 13 اپریل کو مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگا۔ آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر 2025 اینوٹ کا چھٹا میچ سکاٹ لینڈ اور تھائی لینڈ کی ویمنز ٹیموں کے درمیان لاہور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن گراؤنڈ، لاہور میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق صبح 9 بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ اسی روز کا دوسرا اور آخری اور اینوٹ کا ساتواں میچ بنگلہ دیش اور آئرلینڈ کی خواتین ٹیموں کے درمیان قذافی سٹیڈیم، لاہور میں کھیلا جائے گا

کوہلی کی آئی پی ایل میں ریکارڈ ایک ہزار باؤنڈریز

کوہلی آئی پی ایل میں ایک ہزار باؤنڈریز لگانے والے دنیا کے پہلے کھلاڑی بن گئے



نئی دہلی (نیٹ نیوز) بھارتی بیٹر ویرات کوہلی نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں ایک منفرد سنگ میل عبور کرلیا۔ گزشتہ روز آئی پی ایل کی ٹیم رائل چیلنجرز بنگلور کی جانب سے کھیلتے ہوئے کوہلی نے دہلی کیپیٹلز کے خلاف نئی تاریخ رقم کی۔ ویرات کوہلی آئی پی ایل میں ایک ہزار باؤنڈریز (چوکے اور چھکے) لگانے والے دنیا کے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ آئی پی ایل کے تمام 18 سیزن میں شرکت کرنے والے محض 4 کھلاڑیوں میں شامل کوہلی اب تک 257 میچز کھیل چکے ہیں، جن میں انہوں نے 721 چوکے اور 280 چھکے لگائے ہیں۔

زمبابوے کی مردوں کی کرکٹ ٹیم

رواں ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش اور زمبابوے کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 20 سے 24 اپریل تک سلہٹ انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم، سلہٹ میں کھیلا جائے گا۔ زمبابوے کی مردوں کی ٹیم رواں ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی جہاں وہ میزبان بنگلہ دیشی ٹیم کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 20 سے 24 اپریل تک سلہٹ انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم، سلہٹ میں کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 28 اپریل سے 2 مئی تک ظہور احمد چودھری سٹیڈیم، چٹوگرام میں کھیلا جائے گا۔

کرسٹیانو رونالڈو نے فلمی دنیا میں قدم رکھ دیا

کرسٹیانو رونالڈو اور میتھیو وان پہلے ہی ساتھ مل کر 2 فلمیں بنا چکے ہیں



لزبن (آئی این پی) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے فلمی دنیا میں قدم رکھ دیا۔ امریکی جریدے کی رپورٹ کے مطابق کرسٹیانو رونالڈو نے فلم اسٹوڈیو یو آر مارو (MARV) لانچ کرنے کے لیے مشہور فلم ساز میتھیو وان کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کرسٹیانو رونالڈو اور میتھیو وان پہلے ہی ساتھ مل کر 2 فلمیں بنا چکے ہیں اور تیسری فلم بنا رہے ہیں جس کی تفصیلات سے جلد ہی پردہ اٹھائیں گے۔ اس حوالے سے کرسٹیانو رونالڈو کی ٹیم نے سوشل میڈیا پر اپنی ایک پوسٹ میں لکھا ہے کہ پرتگالی فٹبالر اپنی زندگی کے ایک نئے باب کے آغاز کے لیے پرجوش ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں مزید لکھا ہے کہ کرسٹیانو رونالڈو کو فلمیں پسند ہیں جبکہ میتھیو وان کو کھیلوں سے بہت محبت ہے اور ان دونوں کو اچھی کہانیاں بہت پسند ہیں۔

سلطانز اس بار ٹورنامنٹ جیتنے کی پوری کوشش کرینگے، عثمان خان

تین سالوں سے ٹیم فائنل تک پہنچ کر ہار رہی ہے، اس بار ٹرافی اپنے نام کرنا چاہتے ہیں، گفتگو



اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) ملتان سلطانز کے بیٹر عثمان خان نے کہا ہے کہ سلطانز اس بار ٹورنامنٹ جیتنے کی پوری کوشش کریں گے، گزشتہ تین سالوں سے ٹیم فائنل تک پہنچ کر ہار رہی ہے، لیکن اس بار وہ اپنی بدقسمتی کو ختم کر کے ٹرافی اپنے نام کرنا چاہتے ہیں۔ عثمان خان نے جی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ ہم نے پی ایس ایل 10 کے لیے سخت محنت کی ہے۔ ہماری کوشش ہوگی کہ نارمل کرکٹ کھیلیں اور ٹیم کے لیے بہترین کارکردگی دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین سیزن میں ہم فائنل ہار گئے، لیکن اس بار ہدف فائنل جیتنا ہے۔ کپتان محمد رضوان کے ساتھ ہونے والی بات چیت کے بارے میں عثمان نے بتایا کہ انہوں نے ٹیم کو پریشر فری رہنے اور نارمل کرکٹ کھیلنے کی ہدایت کی ہے، پہلا ہدف پلے آف میں پہنچنا ہے، پھر فائنل جیتنا ہے۔ عثمان خان نے ملتان سلطانز کے لوکل اور ایمرجنگ پلیئرز کو ٹیم کی طاقت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اچھا ''کامبی نیشن'' ٹورنامنٹ میں کامیابی کی کلید ہے۔

پریٹی زنٹا نوجوان بلے باز کے گن گانے لگیں

ہم نے ایک لیجنڈ کی دہاڑ سنی اور ایک روشن ستارے کے نمودار ہونے کا مشاہدہ کیا، پریٹی



ممبئی (نیٹ نیوز) انڈین پریمیئر لیگ کی فرنچائز پنجاب کنگز کی شریک مالکن پریٹی زنٹا ٹیم کے نوجوان کھلاڑی پریانش آریا کی دھواں دار بیٹنگ کے گن گانے لگیں۔ پریٹی زنٹا نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک ٹویٹ میں لکھا کہ ہم نے کرکٹ کا ایک دھماکے دار میچ دیکھا، ایک لیجنڈ کی دہاڑ سنی اور ایک روشن ستارے کے نمودار ہونے کا مشاہدہ کیا۔ وہ دو دن قبل دیگر نوجوان کھلاڑیوں کے ہمراہ 24 سالہ پریانش آریا سے ملیں۔ وہ خاموش تھا اور اس شام اس نے ایک لفظ بھی نہیں بولا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ گزشتہ شب وہ پنجاب کنگز اور چنئی سپر کنگز کے دوران پریانش ملیں۔ اس بار اس کی صلاحیت اور جارحانہ بیٹنگ اسٹائل بولیں اور 42 گیندوں پر 103 رنز اسکور کر کے ریکارڈ بنا کر صرف مجھے نہیں بلکہ پورے بھارت کو حیران کر دیا۔ ہنستے مسکراتے رہو۔

کامیابی کیلئے سنجیدگی بہت ضروری ہے، لائبہ خان

وقت کیساتھ ساتھ محبت تو کم ہوسکتی ہے لیکن یہ عزت ہی ہے جو کسی رشتے کو مضبوط بناتی ہے، اداکارہ



کراچی (نیٹ نیوز) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کی اداکارہ لائبہ خان نے کہا ہے کہ شوبز کی دنیا میں کامیابی کے لیے محض شہرت یا دولت کا ہونا کافی نہیں بلکہ خود کو سنجیدگی سے لینا بھی ضروری ہے۔ لائبہ خان نے ایک انٹرویو میں کہا کہ وہ اداکار جو اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے بیچ توازن برقرار رکھتے ہیں، وہ ذہنی سکون اور کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ ابتدا میں انہیں لگتا تھا کہ محبت ایک خواب کی مانند ہوتی ہے، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ یہ احساس ہوا کہ محبت کرنا آسان ہے، مگر اسے نبھانا ایک بہت مشکل کام ہے۔ اس کے لیے قربانی، صبر اور ایک بڑے دل کی ضرورت ہوتی ہے ان کے نزدیک ظاہری شکل وصورت سے زیادہ عزت دینے کی صلاحیت اہمیت رکھتی ہے کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ محبت تو کم ہوسکتی ہے

پی ایس ایل کی اردو کمنٹری کے لیے پی سی بی اور ولی کی پارٹنرشپ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ اور اس کے آفیشل ڈیجیٹل رائٹس ہولڈر ولی کے درمیان اسٹریم کرنے والے شائقین تک اردو کمنٹری فراہم کرنے کے لیے پارٹنرشپ ہوگئی۔ اینچ پی ایل پی ایس ایل 10 میں پہلی بار مکمل طور پر اردو کمنٹری ہو رہی ہے۔ ولی begin پر میچوں کی اسٹریمنگ کرے گا۔ ولی نے پاکستان میں پی ایس ایل کی اسٹریمنگ کے لیے چار اسٹریمنگ پلیٹ فارمز، تماشا، مانگو، دراز اور ٹیپمیڈ کو ڈیلی لائسنس بھی دیا ہے۔ ولی کے سی ای او احسن طاہر نے کہا کہ "یہ قومی فخر کا لمحہ ہے

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے مینٹور سر ویوین رچرڈز اسلام آباد پہنچ گئے

آسٹریلیا کے ایلکس کیری پاکستان سپر لیگ میں اسلام آباد یونائیٹڈ کو دستیاب نہیں ہوں گے



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے مینٹور سر ویوین رچرڈز ٹیم کو جوائن کرنے کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے۔ دوسری جانب آسٹریلیا کے ایلکس کیری پاکستان سپر لیگ میں اسلام آباد یونائیٹڈ کو دستیاب نہیں ہوں گے۔ ایلکس کیری آسٹریلیا میں ڈومیسٹک کرکٹ میں مصروفیات کی وجہ سے پی ایس ایل نہیں کھیل پائیں گے۔ ایلکس کیری کو اسلام آباد یونائیٹڈ نے جنوبی افریقا کے روسی وین ڈر ڈسن کا جزوی متبادل منتخب کیا تھا۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کی مینجمنٹ کے مطابق روسی وین ڈر ڈسن ٹیم کو جلد جوائن کرلیں گے۔

پی ایس ایل 10 کی فاتح ٹیم کو ساڑھے 14 کروڑ روپے کی انعامی رقم ملے گی

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پی ایس ایل کے سیزن 10 کے لیے انعامی رقم کا اعلان کر دیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پی ایس ایل 10 کا فائنل جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی کے ساتھ 5 لاکھ امریکی ڈالر (تقریباً ساڑھے 14 کروڑ روپے) جبکہ رن اپ ٹیم کو 2 لاکھ امریکی ڈالر (تقریباً 5 کروڑ 61 لاکھ روپے) ملیں گے۔ 34 میچوں پر مشتمل ٹورنامنٹ 6 ٹیموں کے درمیان 18 مئی تک جاری رہے گا۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں 13 میچز ہوں گے

دھرمیندر نے 89 برس کی عمر میں بھنگڑا ڈال کر سب کو حیران کر دیا



ممبئی (این این آئی) دھرمیندر نے 89 برس کی عمر میں بھنگڑا ڈال کر سب کو حیران کر دیا۔ دھرمیندر نے اپنے بیٹے سنی دیول کی فلم جاٹ کے پریمیئر میں شرکت کر کے تقریب کی رونق دوبالا کر دی۔ دھرمیندر نے نا صرف شاندار انداز میں میڈیا کے کیمروں کے لیے تصاویر بنوائیں بلکہ ڈھول کی تھاپ پر بھرپور انداز میں بھنگڑا بھی ڈالا۔ حال ہی میں آنکھ کے آپریشن سے گزرنے کے باوجود، 89 سالہ اداکار کی توانائی اور خوش مزاجی قابلِ دید تھی۔

مالی تنگی، سشمیتا کی سابقہ بھابھی، آن لائن کپڑے بیچنے پر مجبور

چاروا سوپا کی آن لائن کپڑے بیچنے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہیں



ممبئی (این این آئی) اداکارہ چاروا سوپا مالی مشکلات کے باعث آن لائن کپڑے بیچنے پر مجبور ہوگئیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹیلی ویژن اداکارہ چاروا سوپا نے مالی مشکلات کے پیش نظر ممبئی چھوڑ کر اپنے آبائی شہر بیانیر، راجستھان میں رہائش اختیار کر لی ہے۔ حال ہی میں ایک ویڈیو سامنے آیا جس میں چاروا کو آن لائن کپڑے بیچتے ہوئے دیکھا گیا، جس پر ان کے مداحوں نے نیک تمناں کا اظہار کیا، جبکہ کچھ نے ان کے نئے کاروبار پر حیرت کا اظہار کیا کیونکہ وہ اداکارہ سشمیتا سین کی بھابھی ہیں۔

عدم پذیرائی کا شکوہ، سنی دیول نے سلمان کو سب سے زیادہ سپورٹ وا یکٹر قرار دیدیا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار سنی دیول نے بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کے اس بیان پر کہ بالی ووڈ نے انکی فلموں پر ان کی پذیرائی نہیں کی۔ واضح رہے کہ حال ہی میں سلمان خان کی فلم سکندر کی ریلیز سے قبل انھوں نے کہا پتہ نہیں انڈسٹری کے لوگ انھیں شاہانہ یا ان کی پذیرائی نہیں کرتے جبکہ وہ دوسروں کی فلموں پر خوشی کا اظہار کرنے کے ساتھ ان کی پذیرائی بھی کرتے ہیں۔ سلمان خان کے اس ریمارکس پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سنی دیول نے کہا کہ سلمان خان بالی ووڈ کے سب سے زیادہ سپورٹیڈ (مدد کرنے والے) اداکار ہیں۔

جنت مرزا پشاور زلمی کی آفیشل سوشل میڈیا ایمبیسیڈر مقرر

اس بات کا اعلان پشاور زلمی کی ٹیم نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کیا



لاہور (آئی این پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی معروف فرنچائز پشاور زلمی نے معروف ٹاک ٹاکر جنت مرزا کو اپنی ٹیم کی آفیشل سوشل میڈیا ایمبیسیڈر مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس بات کا اعلان ٹیم نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کیا، جس کے تحت جنت مرزا پی ایس ایل کے 10 ویں سیزن کے دوران زلمی کے ڈیجیٹل اور آن لائن تشہیری مہم کا حصہ ہوں گی۔ یاد رہے کہ جنت مرزا پاکستان کی سب سے زیادہ فالو کی جانے والی سوشل میڈیا اسٹارز میں سے ایک ہیں

فواد خان کے بعد اداکارہ اور رقاصہ دیدار بھی بھارتی فلموں میں کام کی پیش کش



کراچی (این این آئی) فواد خان کے بعد اداکارہ اور رقاصہ دیدار بھی بھارتی فلموں میں کام کی پیشکش ہوئی ہے۔ تھیٹر ڈراما کی معروف اداکارہ اور صف اول کی رقاصہ دیدار کی شادی کے بعد سے پہلی ترجیح گھریلو زندگی رہی ہے۔ اس وجہ سے وہ کافی عرصے سے شوبز کی چکاچوند سے بہت دور ہیں۔

کسی کے میسجز پڑھ کر سیٹ ہونے والی نہیں ہوں، سینا فاروق



کراچی (آئی این پی) اداکارہ سینا فاروق نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں بہت سارے لڑکے میسجز کر کے مختلف طرح کی پیش کش کرتے ہیں تاہم وہ اس طرح کے کے ساتھ سیٹ ہونے والی نہیں ہیں۔ سینا فاروق نے حال ہی میں انسٹاگرام اسٹوری میں ایک مختصر ویڈیو شیئر کی جس میں سینا فاروق نے کہا کہ وہ ڈائریکٹ میسجز دیکھتی اور پڑھتی ہیں



تندرست رہنا ہے تو فاسٹ فوڈ سے دور رہیں

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

فاسٹ فوڈ ایک ایسا تیار کھانا ہوتا ہے جو ہوٹلوں اور ریسٹورنٹ وغیرہ میں بہت جلدی تیار شدہ حالت میں پیش کیا جا سکے۔ دیگر کھانوں کے مقابلے میں یہ خوراک عام طور پر کم غذائیت کی حامل مگر مہنگی ہوتی ہے۔ آج کل لوگوں، بالخصوص نوجوان طبقے اور بچوں، میں فاسٹ فوڈ کھانے کا رجحان خطرناک حد تک بڑھتا جا رہا ہے۔ فاسٹ فوڈ کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ اسکا آغاز اٹھارویں صدی میں امریکہ سے ہوا۔ ابتداء میں مختلف غیر معیاری قسم کے برگر وغیرہ دستیاب تھے مگر انیسویں صدی میں وائٹ کاسل نامی پہلی فوڈ چین بنی۔ اس کے بعد میکڈونلڈ برادرز نے 1948ء میں اپنی فوڈ چین میکڈونلڈ کا آغاز کیا۔ فاسٹ فوڈ میں بہت زیادہ یا ضرورت سے زیادہ کیلوریز ہوتی ہیں جو مٹاپے کا باعث بنتی ہیں اور ان کی وجہ سے کولیسٹرول میں اضافہ اور ہارمونز میں تبدیلی جیسے مختلف مسائل بھی پیدا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ جبکہ بہت زیادہ فاسٹ فوڈ جن میں برگر اور پیزا بھی شامل ہیں، کے استعمال سے ڈپریشن کا مسئلہ بھی ہو جاتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق فاسٹ فوڈ کھانے والے افراد میں ڈپریشن کی شرح دوسرے افراد کی بہ نسبت پچاس فیصد زیادہ ہوتی ہے۔ مختلف فاسٹ فوڈ یعنی برگر، پیزا وغیرہ انسانی جسم میں جلدی ہضم نہیں ہوتے، جس کے باعث فاسٹ فوڈ کھانے والے افراد میں دل کے امراض زیادہ پائے جاتے ہیں۔ فاسٹ فوڈ کھانوں میں چکنائی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے جو خون میں کولیسٹرول پیدا کرتی ہے۔ ماہرین کے مطابق ہفتے میں چار سے پانچ یا اس سے زیادہ فاسٹ فوڈ استعمال کرنے والے افراد میں دل کی بیماری کے امکانات زیادہ پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ فاسٹ فوڈ کی تیاری کے دوران ایسے کیمیائی اجزاء بھی شامل کئے جاتے ہیں جو صحت کے لئے نہایت ہی مضر اور خطرناک ثابت ہوتے ہیں۔ جو کھانے والوں کو کینسر، ذیابیطس اور قبض جیسی بیماریوں میں مبتلا کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق ایک سال کے دوران فاسٹ فوڈ کھانے والے لوگوں کے وزن اور سائز میں دوسرے افراد کی بہ نسبت اضافہ ہو جاتا ہے۔ فاسٹ فوڈ میں کیلوریز کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے جسم کو بہت زیادہ کیلوریز ملتی ہیں اور جسم پھولنے لگتا ہے اور انسان سست ہو جاتا ہے اور جسمانی کارکردگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق فاسٹ فوڈ ہمارے دماغ کی بھوک لگنے کی حس کو متاثر کرتے ہیں۔ ٹورنٹو یونیورسٹی کے ایک تحقیقی جریدے کے مطابق فاسٹ فوڈ کے لئے استعمال ہونے والے کھانوں میں ایک خاص قسم کا کیمیکل استعمال ہوتا ہے جو کہ انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر ہوتا ہے اور یہ کیمیکل انسانی خون میں آسانی سے منتقل ہو کر مختلف بیماریوں میں مبتلا کرتا ہے۔ ایک اور عالمی رپورٹ کے مطابق زیادہ فاسٹ فوڈ کھانے والے افراد میں دمہ اور الرجی کی بیماری بھی زیادہ ہوتی ہے۔ پیزا چھوٹے بچوں کے لئے بے حد نقصان دہ ہوتا ہے کیونکہ ان کے جسم اور دماغ دونوں نشوونما کے مراحل سے گزر رہے ہوتے ہیں اور اس میں موجود نقصاندہ مادے ان کی بڑھتی ہوئی ذہنی نشوونما اور جسمانی صلاحیتوں کو روک دیتے ہیں اور ان کی صحت مندانہ نشوونما کو ٹھیک طریقے سے مکمل نہیں ہونے دیتے ہیں۔ جارج واشنگٹن یونیورسٹی کے محققین کی ایک تحقیق کے مطابق جنک فوڈ کا زیادہ Phthalates استعمال کرنے والے افراد انتہائی مضر صحت اثرات کے شکار ہو سکتے ہیں۔ Phthalates نامی کیمیکل جو ایک صنعتی کیمیکل ہے اور فوڈ پیکنگ میٹریل اور فاسٹ فوڈ کی تیاری کے لئے دیگر اشیاء میں استعمال کیا جاتا ہے جب فاسٹ فوڈ استعمال کرنے والے افراد کا طبی معائنہ کیا گیا تو ان میں Phthalates نامی کیمیکل کی سطح میں اضافہ پایا گیا۔ جبکہ ایک اور رپورٹ کے مطابق یہ کیمیکل دمہ، چھاتی کے سرطان سمیت متعدد امراض کا باعث بھی بن رہے ہیں۔ جبکہ تحقیق کے مطابق انسانی جسم اس کیمیکل کو ہضم بھی نہیں کر پاتا ہے۔ جس کی وجہ سے نظام ہاضمہ میں بھی مسائل پیدا ہو جاتے ہیں اور یہ انسانی جسم میں ہارمونز کے نظام کو نقصان پہنچا کر مختلف امراض کا باعث بنتا ہے۔ بہت کم عمری یعنی دو سے تین سال کی عمر میں ایسے کھانے استعمال کرنے سے دمہ کا خطرہ انتالیس فیصد ہوتا ہے جبکہ چھ سے سات سال کی عمر میں فاسٹ فوڈ کھانے سے دمہ ہونے کے امکانات ستائیس فیصد تک ہوتے ہیں۔ جرمنی کی یونیورسٹی آف ہون کی ایک تحقیق کے مطابق فاسٹ فوڈ یعنی برگر، پیزا اور فرنچ فرائز وغیرہ کے استعمال کے بعد جسم کا مدافعتی نظام فاسٹ فوڈ کے ساتھ وہی کارروائی کرتا ہے جو وہ بیکٹریا کی وجہ سے ہونے والی انفیکشن سے نمٹنے کے لئے کرتا ہے۔ جو اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ انسانی جسم فاسٹ فوڈ کو دراصل مضر صحت بیکٹریا سمجھ کر اس کے خلاف کارروائی کرتا ہے اور اس کی وجہ سے مدافعتی نظام کا حساس ہو جانا، آنتوں کی سوزش، جلن اور ذیابیطس سے متعلق مسائل شروع ہو جاتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق اکثر فاسٹ فوڈ کھانے کے باعث جسمانی، دفاعی نظام کے خلیات وقت گزرنے کے ساتھ زیادہ جارحانہ Peptic Ulcers انداز اختیار کر لیتے ہیں جس کے نتیجے میں سنگین مسائل کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جسے معدے کا سرطان کہتے ہیں، بھی فاسٹ فوڈز کے زیادہ استعمال کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ماہرین کے مطابق زیادہ مصالحہ دار، زیادہ مرچ مصالحوں والے کھانے اور پیزا، چپس اور زیادہ نمکیات اور مرچوں والے مختلف اسنیکس ذہنی تناؤ اور السر کا باعث بن رہے ہیں۔ یہ خون کے دباؤ، جگر کی کارکردگی اور خون کے خلیوں اور ان کی گردش پر براہ راست اثر انداز ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں ذہنی تناؤ اور ہائپر ٹینشن کی بیماریاں بھی جنم لیتی ہیں۔ انسانی معدے میں صحت کو بہتر رکھنے میں مدد فراہم کرنے والے بیکٹریا کی تقریباً ساڑھے تین ہزار مختلف اقسام پائی جاتی ہیں۔ کنگز کالج لندن کی ایک تحقیق کے مطابق صحت مند اور متوازن غذا کے استعمال کے بجائے ہر وقت فاسٹ فوڈ کا استعمال معدے میں موجود ان بیکٹیریا کی ایک تہائی تعداد کو ختم کر دیتا ہے اور بیکٹیریا کی تعداد میں عدم توازن کے نتیجے میں جسم میں موجود اہم معدنیات جذب نہیں ہو پاتے اور مختلف امراض جیسے ذیابیطس، امراض قلب اور کینسر وغیرہ کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا

افتتاح ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عظمیٰ ادریس نے کیا اس موقع پر ڈاکٹر منیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم ودیگر انکے ہمراہ تھے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عظمیٰ ادریس نے کیا اس موقع پر ڈاکٹر منیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم ودیگر انکے ہمراہ تھے، چیف ایگزیکٹو رانا محمد اکرم نے شرکاء کیمپ کو الحرمین ڈینٹل کیئر کے تحت جاری ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ کے حوالے سے بریفنگ دی جبکہ ڈاکٹر منیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم نے مریضوں کے فری چیک اپ کیے اور مفت ادویات تقسیم کیں، کیمپ کا جائزہ لینے کے بعد ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عظمیٰ ادریس نے کہا کہ غریب و مستحق مریضوں کو علاج معالجہ کی فری سہولیات فراہم کرنا بہترین کار خیر ہے اور مخلوق خدا کی خدمت کا موثر ذریعہ ہے، جس پر الحرمین ڈینٹل کیئر کے منتظمین وڈاکٹرز اور عملہ خراج تحسین کا حقدار ہے معاشرتی مفاد کے کاموں کو خوف سر اپنے اور انہیں جاری رکھنے کیلئے ہر ممکن کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے ان شاء اللہ اس کاز کی خاطر ہر ممکن تعاون یقینی بنایا جائے گا تاکہ فری ڈینٹل کیمپ کے انعقاد کا اقدام آگے بڑھایا جاسکے۔

خواجہ محمد سہیل سابقہ چیئرمین UC احمد آباد کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے ختم شریف، محفل کا انعقاد

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) خواجہ محمد سہیل سابقہ چیئرمین UC احمد آباد کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے ختم شریف، محفل کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق قلعہ احمد آباد خواجہ جاوید، خواجہ شمشیر (خواجہ ٹینٹ سروس) خواجہ محمد سہیل (سابقہ چیئرمین UC احمد آباد) خواجہ مبشر (خواجہ آٹوز پسرور) کی والدہ ماجدہ، خواجہ محمد شعیب خطیب جامع مسجد منہاج القرآن کی مرحومہ دادی امی کے ایصال ثواب کے لئے جامع مسجد منہاج القرآن میں ختم شریف کی محفل کا انعقاد کیا گیا۔

معروف کاروباری وسماجی شخصیت ملک امداد حسین سکھرال کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) معروف کاروباری وسماجی شخصیت ملک امداد حسین سکھرال کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری، سابق ناظم یونین کونسل ڈنڈوت راجہ ارشد محمود، چیئرمین یونین کونسل بشارت حاجی مظفر، راجہ شہزاد ڈنڈوت چوہدری خلیل لڑی شاہ نواز، معروف کول مائننگ اور راجہ شکیل احمد اور چیئرمین مرکزی انجمن تاجران تنظیم چوآسیدن شاہ ملک فیاض الحسن قصبہ دوالمیال پہنچے جہاں انہوں نے ملک امداد حسین سکھرال کے صاحبزادے معروف سماجی شخصیت ملک ابرار حسین دوالمیال سے انکے والد گرامی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔

حطیم سٹی لاہور میں الماجد ایسوسی ایٹ کے نئے دفتر کا افتتاح

اہلیان شرقپور شریف کے لیے سنہری موقع، آن گراؤنڈ پلاٹس پر فوری تعمیر کی سہولت



شرقپور شریف (نامہ نگار) حطیم سٹی لاہور میں الماجد ایسوسی ایٹ کے نئے دفتر کا افتتاح۔ اہلیان شرقپور شریف کے لیے سنہری موقع، آن گراؤنڈ پلاٹس پر فوری تعمیر کی سہولت۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کے معروف رہائشی پروجیکٹ حطیم سٹی میں الماجد ایسوسی ایٹ اینڈ مارکیٹنگ کے نئے دفتر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے۔ الماجد اسوسی ایٹ کے آفس کا افتتاح ڈائریکٹر حطیم سٹی ملک افتخار صاحب، کنٹری ہیڈ عدیل پراچہ صاحب، ہیڈ آفس سیالمنٹ ابوذر صاحب، مینیجر سیل اینڈ مارکیٹنگ محمد جنید نے الماجد، شاہین اسٹیٹ کے سی او ملک جاوید اقبال اور الماجد ایسوسی ایٹ کے سی ای او میاں عبدالماجد ذوالفقار ثمران و دیگر کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر کیا۔ الماجد ایسوسی ایٹ گزشتہ 10 سالوں سے پاک ویوسٹی اور ڈی ایچ اے لاہور میں کامیابی سے اپنی خدمات انجام دیتا آرہا ہے اور اب اپنی اگلی خدمات کو حطیم سٹی لاہور میں بھی توسیع دے رہا ہے۔ اس موقع پر الماجد ایسوسی ایٹ کے سی ای او نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حطیم سٹی جو اون کرنے کا مقصد اس ہاؤسنگ سکیم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور علاقے میں آن گراؤنڈ پلاٹس کی فوری دستیابی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ الماجد ایسوسی ایٹ ہمیشہ سے کسٹمرز کو بہترین سروسز کی فراہمی کو ترجیح دیتا ہے اور ہم حطیم سٹی میں بھی اسی روایت کو برقرار رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حطیم سٹی کا سب سے نمایاں پہلو اس کا ترقی یافتہ انفراسٹرکچر ہے، جس میں کشادہ سڑکیں، انڈر گراؤنڈ بجلی کی ترسیل، اور آن گراؤنڈ پلاٹس کی فراہمی شامل ہے۔

ملک میں استحکام گولی اور بارود سے نہ پہلے آیا ہے اور نہ اب آئے گا: مولانا حمد اللہ

دو صوبوں میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے اور مذاکرات ہی ان کا واحد حل ہیں



حفصی آباد/للیانی (نمائندہ محمد نعیمل خاں) ملک میں استحکام گولی اور بارود سے نہ پہلے آیا ہے اور نہ اب آئے گا۔ مولانا حمد اللہ۔ دو صوبوں میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے اور مذاکرات ہی ان کا واحد حل ہیں، پریس کانفرنس سے خطاب۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما حافظ حمد اللہ نے للیانی پریس کلب میں پر ہجوم کانفرنس کی۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا ملک میں امن وامان کا حل کسی بھی ستر سالوں میں طاقت اور گولی بارود کا استعمال کیا گیا۔ مگر یہ طریقہ نہ پہلے ملک میں امن وامان لا سکا ہے اور نہ ہی اب اس طریقے سے امن آئے۔ ملک میں امن کیلئے مذاکرات ہی واحد راستہ ہیں۔ اور اسی طریقے سے ملک میں استحکام آسکتا ہے انہوں نے کہا کہ تمام خرابیوں کی جڑ نو فروری کا الیکشن ہے۔ جس کو ہم الیکشن نہیں الیکشن کہتے ہیں انہوں نے کہا ملک میں صاف شفاف۔ الیکشن ہونا چاہیے جس میں جو جماعت جیتے حکومت اس کے حوالے ہونی چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی خود کو جمہوریت کا چیمپئن کہلانا چھوڑ دیں اور جمہوریت کی دعوے دار ہونے کا ناٹک بند کردیں۔ کیونکہ جب غیر سیاسی اشرافیہ کے ہاتھوں آئین کا حلیہ بگاڑا جارہا تھا تب یہ دونوں جماعتیں ساتھ تھیں صرف جمعیت علما ایسی جماعت تھی جس نے آئین اور جمہوریت کیلئے کردار ادا کیا۔



گھر میں آتشزدگی کے نتیجہ میں قیمتی سامان جل کر خاکستر ہوگیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے محلہ نصیر پورہ میں ایک گھر میں آتشزدگی کے نتیجہ میں قیمتی سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے عملہ نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پایا۔

اہل فلسطین وغزہ تاریخ کے تاریک ترین دور سے گزر رہے ہیں: مولانا سید عبدالخبیر آزاد

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) اہل فلسطین وغزہ تاریخ کے تاریک ترین دور سے گزر رہے ہیں، مولانا سید عبدالخبیر آزاد۔ چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مرکزی رویت ہلال کمیٹی کی مرکز توحید وسنت جامعہ ریاض الجنۃ آمد، مولانا حسان صدیقی اور حافظ عمر بن عبدالعزیز سے ملاقات۔ چیئرمین رویت ہلال کمیٹی پاکستان وخطیب بادشاہی مسجد لاہور مولانا عبدالخبیر آزاد اور معتبر حلقوں میں اسلامی حلقوں کی موثر آواز نوجوان مذہبی سکالر سید اسامہ اجمل قاسمی کے ہمراہ گزشتہ روز دیپال پور کی عظیم دینی وعصری درسگاہ مرکز توحید وسنت جامعہ ریاض الجنۃ کا دورہ کیا۔ معروف مذہبی سکالر مولانا حسان صدیقی، حافظ عمر بن عبدالعزیز سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کا کہنا تھا کہ اتحاد واتفاق سے ہی فتح وکامرانی امت مسلمہ کا مقدر بنے گی۔ اہل فلسطین کے لیے تمام امت مسلمہ ایک موقف کے ساتھ عالمی اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھے حکمرانوں کے ضمیر جھنجھوڑ رہے ہیں۔ صہیونی مظالم سے چشم پوشی برتنے والی عالمی طاقتیں بدترین ظلم میں شریک کار ہو رہے ہیں جس کی ہر سطح پر مذمت کی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت پاکستان کا کشمیر اور فلسطین پر ہمیشہ سے موقف واضح رہا ہے اور اقوام متحدہ میں ان مظالم پر پاکستان ایک واحد آواز ہے جس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی عوام بھی فلسطینیوں کے شانہ بشانہ ہے۔

پاکستان کی ترقی میں زراعت ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے: چوہدری اورنگزیب

زرعی اجناس خصوصاً گندم کی مناسب قیمت کا تعین کرنا انتہائی ضروری اور حکومت پاکستان کی ذمہ داری ہے



دیپال پور (تحصیل رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک اتحاد چوہدری اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی میں زراعت ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے زرعی اجناس خصوصاً گندم کی مناسب قیمت کا تعین کرنا انتہائی ضروری اور حکومت پاکستان کی ذمہ داری ہے زرعی شعبے میں انقلاب انتہائی ناگزیر ہے زراعت پاکستان کی 70 فیصد آبادی کا ذریعہ روزگار ہے پاکستان کی معیشت میں زراعت کے شعبے کا اہم اور بنیادی کردار ہے بلکہ زراعت کی ترقی کے بغیر پاکستان کی ترقی ممکن نہیں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہمارا وطن ہے اور اسکی ترقی وخوشحالی اور معاشی ومعاشرتی بہتری کیلئے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے پاکستانی ریاست اور سلامتی کے اداروں ہمہ وقت پاکستان کے امن واستحکام کیلئے کوشاں ہیں جن کا ہر پاکستانی فرد دست وبازو ہے انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب زرعی شعبے میں انقلاب کی بدولت پاکستان کی معیشت بام عروج پر پہنچے گی اور ناصرف آئی ایم ایف سے چھٹکارا ملے گا بلکہ قرضے لینے کی بجائے دینے والوں میں پاکستان کا شمار ہوگا لیگین حکومت کو موجودہ اجناس بارے کسانوں کو اعتماد میں لے کر بہتر سے بہترین فیصلے کرنا ہوں گے۔

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ملاوٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

ناکہ بندی کے دوران 44 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ بھی کی گئی اور دودھ کی ناقص کوالٹی پر 16500 روپے کے جرمانے عائد کئے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ملاوٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ایپیڈیمیالوجسٹ ڈاکٹر محمد قاسم رضائی زیر نگرانی رات گئے فوڈ سیفٹی ٹیم نے بھوانہ کے نواحی علاقہ میں خفیہ طور پر دکان پر چھاپہ مارا اور 400 لیٹر سے زائد ملاوٹی اور غیر معیاری دودھ موقع پر ضائع کرا دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نے بتایا کہ دودھ سے کریم نکال کر اور بھاری مقدار میں پانی ملا کر ہسپتالوں کی کینٹینز پر سپلائی کے لئے رکھا گیا تھا جسکو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے پکڑا اٹھارائی کی دوران 44 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ بھی کی گئی اور دودھ کی ناقص کوالٹی پر 16500 روپے کے جرمانے عائد کئے گئے علاوہ ازیں حسب معمول شہر بھر میں 50 سے زائد کریانہ سٹورز میٹ شاپس اور ملک شاپس کی چیکنگ کے دوران متعدد کو مزید بہتری کے لئے اصلاحاتی نوٹسز جاری جبکہ قوانین کی خلاف ورزی پر 9 پوائنٹس کو 000,59 روپے کے جرمانے اور 5 کلو سے زائد ایکسپائر اشیاء تلف کی گئیں۔

ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ کا علاقہ کہون کے قصبہ دوالمیال کا تعزیتی دورہ

ملک امداد حسین سکھرال کے انتقال پر انکے فرزند معروف مسلم لیگی رہنما ملک ابرار حسین دوالمیال سے تعزیت کا اظہار کیا



چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ کا علاقہ کہون کے قصبہ دوالمیال کا تعزیتی دورہ، معروف کاروباری وسماجی شخصیت ملک امداد حسین سکھرال کے انتقال پر انکے فرزند معروف مسلم لیگی رہنما ملک ابرار حسین دوالمیال سے تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر ڈی پی او پاکپتن راجہ شکیل، ایڈووکیٹ سبط الحسنین، راجہ شاہین، ملک تنقین وٹلی، سعید احمد، راجہ فاخر کمال، ماسٹر فضل آڑہ، ملک طارق چوآ، اصغر حیدری، دل شیراز دل شہزاد اور ملک رضا حسن بھی موجود تھے۔

سول ڈیفنس سیالکوٹ کی کاروائی، پالتو جانور ڈوبنے سے بچالیا گیا

موماں کلاں کے جوہڑ میں ڈوبتے دنبے کو ڈپٹی گروپ وارڈن نے فوری کاروائی کرتے زندہ نکال لیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گھاس کی چنگائی کرتے نامعلوم نوبہائی کا پالتو چھترا گہرے جوہڑ کی دلدل میں پھنس کے ڈوبنے کی اطلاع پر سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈپٹی گروپ وارڈن D خواجہ عامر جاوید نے بروقت کاروائی کرتے گردن تک ڈوبے جانور کو جدوجہد کے بعد جوہڑ سے زندہ نکال لیا۔ تفصیل کے مطابق جوہڑ کنارے چنگائی کرتے موماں کلاں کے گھر کے جوہڑ میں چھترا گر گیا۔ علاقہ مکین گہرا جوہڑ ہونے کیوجہ سے باہر کھڑے منظر دیکھتے رہے اس دوران ایک دیہاتی نے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈپٹی گروپ وارڈن D خواجہ عامر جاوید کو اطلاع کیا۔ اطلاع ملنے کے فوری بعد جب پول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈپٹی گروپ وارڈن موقع پر پہنچے تو بھاری بھرکم پالتو جانور گردن تک جوہڑ میں ڈوب چکا تھا۔ فوری طور پر گاڑی کا ایک لمبا چوڑا انکوا قریبی اپنی حویلی سے لے کر اسے ایمرجنسی طریقہ سے استعمال کرتے موقع پر موجود دو لڑکوں کی مدد سے بحفاظت جوہڑ کے درمیان میں دلدل والے پانی میں پھنسا چھترا نکال لیا گیا۔ الحمدللہ اس کو صاف پانی کیساتھ صاف کر کے باندھ لیا گیا جبکہ قریبی علاقہ میں چھترے بارے اعلان بھی کرایا ہے تاکہ نامعلوم مالک آکر اسے شناخت کے بعد لیجا سکے۔ ایک جاندار کی جان بچانے پر علاقہ مکینوں کا سول ڈیفنس سیالکوٹ کے عملہ میں فلک شگاف نعرے لگائے گئے گیا۔ محفل پاک میں عقیدت مندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، جو کہ حضرت میاں نیک محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کی روحانی خصوصیات اور تعلیمات کے ساتھ اپنی محبت وعقیدت کا اظہار کرنے کے لیے وہاں موجود تھے۔ اختتامی دعا میاں نور محمد نصرت نوشاہی نے فرمائی جس میں تمام حاضرین کے لیے دعائی گئی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دین کی صحیح سمجھ عطا فرمائے اور بزرگان دین کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ محفل پاک نہ صرف ایک روحانی تجدید کا ذریعہ بنی بلکہ اتحاد ومحبت کا پیغام بھی پھیلانے کا ایک ذریعہ بنی۔ اس دو روزہ پروگرام نے حاضرین کے دلوں میں روحانی سکون اور محبت کو بڑھانے کی کوشش کی۔

حضرت میاں نیک محمد نوشاہی، قادری شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کی سالانہ دوروزہ محفل پاک اختتام پذیر

اس موقع پر بزرگان دین کی تعلیمات پر روشنی ڈالی گئی، اور معاشرتی اصلاح کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا

شرقپور شریف (نامہ نگار) ایوان قمر نوشاہیہ شرقپور شریف میں سلسلہ قادریہ نوشاہیہ کے عظیم روحانی بزرگ وپیشوا حضرت میاں نیک محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کی دو روزہ سالانہ محفل پاک کا انعقاد ہوا۔ محفل پاک میں ملک بھر کے نامور ثناخواں جنہوں نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں اپنے نذرانے پیش کیے، اور جید علماء کرام نے شرکت کی۔ اس موقع پر بزرگان دین کی تعلیمات پر روشنی ڈالی گئی، جو نہ صرف روحانی تربیت کے لیے اہم ہیں بلکہ معاشرتی اصلاح کی ضرورت پر بھی زور دیتی ہیں۔ محفل کی صدارت سلسلہ ایوان فقر نوشاہیہ شرقپور کے سجادہ نشین، صاحبزادہ علامہ میاں نور محمد نصرت نوشاہی نے فرمائی اس محفل کی انتظامی ذمہ داریاں صاحبزادہ میاں محمد صہیب سچیار نوشاہی، حافظ میاں راحت العین نوشاہی، اور پروفیسر میاں محمد مدثر نوشاہی نے احسن طریقے سے سر انجام دیں۔ اور عقیدت مندوں کو بھرپور روحانی ماحول فراہم کیا گیا۔ محفل پاک میں عقیدت مندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، جو کہ حضرت میاں نیک محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کی روحانی خصوصیات اور تعلیمات کے ساتھ اپنی محبت وعقیدت کا اظہار کرنے کے لیے وہاں موجود تھے۔ اختتامی دعا میاں نور محمد نصرت نوشاہی نے فرمائی جس میں تمام حاضرین کے لیے دعائی گئی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دین کی صحیح سمجھ عطا فرمائے اور بزرگان دین کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ محفل پاک نہ صرف ایک روحانی تجدید کا ذریعہ بنی بلکہ اتحاد ومحبت کا پیغام بھی پھیلانے کا ایک ذریعہ بنی۔ اس دو روزہ پروگرام نے حاضرین کے دلوں میں روحانی سکون اور محبت کو بڑھانے کی کوشش کی۔

گھر میں آتشزدگی کے نتیجہ میں قیمتی سامان جل کر خاکستر ہوگیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے محلہ نصیر پورہ میں ایک گھر میں آتشزدگی کے نتیجہ میں قیمتی سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے عملہ نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پایا۔

اہل فلسطین وغزہ تاریخ کے تاریک ترین دور سے گزر رہے ہیں: مولانا سید عبدالخبیر آزاد

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) اہل فلسطین وغزہ تاریخ کے تاریک ترین دور سے گزر رہے ہیں، مولانا سید عبدالخبیر آزاد۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی کی مرکز توحید وسنت جامعہ ریاض الجنۃ آمد، مولانا حسان صدیقی اور حافظ عمر بن عبدالعزیز سے ملاقات۔ چیئرمین رویت ہلال کمیٹی پاکستان وخطیب بادشاہی مسجد لاہور مولانا عبدالخبیر آزاد اور معتبر حلقوں میں اسلامی حلقوں کی موثر آواز نوجوان مذہبی سکالر سید اسامہ اجمل قاسمی کے ہمراہ گزشتہ روز دیپال پور کی عظیم دینی وعصری درسگاہ مرکز توحید وسنت جامعہ ریاض الجنۃ کا دورہ کیا۔ معروف مذہبی سکالر مولانا حسان صدیقی، حافظ عمر بن عبدالعزیز سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کا کہنا تھا کہ اتحاد واتفاق سے ہی فتح وکامرانی امت مسلمہ کا مقدر بنے گی۔ اہل فلسطین کے لیے تمام امت مسلمہ ایک موقف کے ساتھ عالمی اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھے حکمرانوں کے ضمیر جھنجھوڑ رہے ہیں۔ صہیونی مظالم سے چشم پوشی برتنے والی عالمی طاقتیں بدترین ظلم میں شریک کار ہو رہے ہیں جس کی ہر سطح پر مذمت کی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت پاکستان کا کشمیر اور فلسطین پر ہمیشہ سے موقف واضح رہا ہے اور اقوام متحدہ میں ان مظالم پر پاکستان ایک واحد آواز ہے جس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی عوام بھی فلسطینیوں کے شانہ بشانہ ہے۔

سول ڈیفنس سیالکوٹ کی کاروائی، پالتو جانور ڈوبنے سے بچالیا گیا

موماں کلاں کے جوہڑ میں ڈوبتے دنبے کو ڈپٹی گروپ وارڈن نے فوری کاروائی کرتے زندہ نکال لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گھاس کی چنگائی کرتے نامعلوم نوبہائی کا پالتو چھترا گہرے جوہڑ کی دلدل میں پھنس کے ڈوبنے کی اطلاع پر سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈپٹی گروپ وارڈن D خواجہ عامر جاوید نے بروقت کاروائی کرتے گردن تک ڈوبے جانور کو جدوجہد کے بعد جوہڑ سے زندہ نکال لیا۔ تفصیل کے مطابق جوہڑ کنارے چنگائی کرتے موماں کلاں کے گھر کے جوہڑ میں چھترا گر گیا۔ علاقہ مکین گہرا جوہڑ ہونے کیوجہ سے باہر کھڑے منظر دیکھتے رہے اس دوران ایک دیہاتی نے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈپٹی گروپ وارڈن D خواجہ عامر جاوید کو اطلاع کیا۔ اطلاع ملنے کے فوری بعد جب پول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈپٹی گروپ وارڈن موقع پر پہنچے تو بھاری بھرکم پالتو جانور گردن تک جوہڑ میں ڈوب چکا تھا۔ فوری طور پر گاڑی کا ایک لمبا چوڑا انکوا قریبی اپنی حویلی سے لے کر اسے ایمرجنسی طریقہ سے استعمال کرتے موقع پر موجود دو لڑکوں کی مدد سے بحفاظت جوہڑ کے درمیان میں دلدل والے پانی میں پھنسا چھترا نکال لیا گیا۔ الحمدللہ اس کو صاف پانی کیساتھ صاف کر کے باندھ لیا گیا جبکہ قریبی علاقہ میں چھترے بارے اعلان بھی کرایا ہے تاکہ نامعلوم مالک آکر اسے شناخت کے بعد لیجا سکے۔ ایک جاندار کی جان بچانے پر علاقہ مکینوں کا سول ڈیفنس سیالکوٹ کے عملہ میں فلک شگاف نعرے لگائے گئے

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے تحصیل چوک سے بائی پاس تک مختلف مقامات پر رک کر جائزہ لیا

تعمیراتی کام بائی پاس سیم کی طرف سے شروع کریں اس دوران انسانی حقوق متاثر نہیں ہونے چاہئیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کیو جن سڑکوں کی معیاری تعمیر عوام کو ریلیف کے تحت ضلع چنیوٹ میں دو روپیہ چنیوٹ فیصل آباد روڈ کے میگا پراجیکٹ کے سلسلے میں تحصیل چوک چنیوٹ سے بائی پاس تک 3 کلو میٹر سڑک کی تعمیر کا جلد آغاز کیا جارہا ہے جسے ہنگامی بنیادوں پر مکمل کرایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے تحصیل چوک سے بائی پاس تک مختلف مقامات پر رک کر جائزہ لیا اور سڑک کی تعمیر کا کام فوری شروع کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے غیر پاک اور اسیسمنٹ ہائی ویز کو سڑک کا لیول برقرار رکھنے کی تاکید کی اور کہا کہ تعمیراتی کام بائی پاس سیم کی طرف سے شروع کریں اس دوران انسانی حقوق متاثر نہیں ہونے چاہئیں۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع میں عوامی بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تعمیراتی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرانے کی تاکید کی اور کہا کہ شفافیت پر کوئی مجموعہ نہیں ہوگا متعلقہ محکموں کے افسران موقع پر موجود رہ کر تعمیراتی میرا مل کی کڑی نگرانی کریں۔ اجلاس میں زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال کی عمارت، چنیوٹ فیصل آباد دورویہ شاہراہ سمیت دیگر میگا پراجیکٹس پر بریفنگ دی گئی۔

چوہدری احمد معین سندھو اور عامر ضیاء سندھو کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے ضلعی رہنماؤں چوہدری منعم ضیاء سندھو، چوہدری احمد معین سندھو اور عامر ضیاء سندھو کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیلئے چوہدری منعم ضیاء سندھو کی آبائی رہائشگاہ پر تانتا بندھا رہا تعزیت کرنے والوں میں خرم شہزاد ورک ایم این اے، سردار سرفراز ڈوگر ایم پی اے، چوہدری محمد عارف گرو، کنور عمران سعید، چوہدری خالد محمود ورک، شفیق خان، سید علی معظم رضوی و دیگر شامل ہیں۔



فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے پریس کلب شیخوپورہ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

فلسطین پر اسرائیلی جارحیت انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ ہے فلسطینی بھائیوں پر ظلم وستم کی انتہا ہوچکی ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام ضلع شیخوپورہ کے زیر اہتمام مظلوم فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیلئے پریس کلب شیخوپورہ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں ضلعی تنظیم سمیت شیخوپورہ کی تمام تحصیلوں کے عہدیداران وارکان کی کثیر تعداد نے شرکت کی مظاہرے کی قیادت جے یو آئی کے ضلعی امیر مفتی محمد اسماعیل، جنرل سیکرٹری مولانا امتیاز شمسی، تحصیل فیروزوالہ کے صدر پروفیسر حافظ صدر شکیم گجر، ضلعی کو آرڈینیٹر ڈاکٹر ٹیکنیکل میڈیا یزید معاویہ بگر، امیر تحصیل شیخوپورہ حافظ عبدالرؤف بٹ، سیکرٹری جنرل تحصیل صفدر آباد مولانا ابوبکر حنفی، سیکرٹری جنرل تحصیل مرید کے مولانا محمد علی معاویہ، حافظ خرم شہزاد، شیخ محمد ریاض، میاں محمد راشد اور چوہدری محمد شفقت سندھو نے کی، مظاہرین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین پر اسرائیلی جارحیت انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ ہے فلسطینی بھائیوں پر ظلم ستم کی انتہا ہوچکی ہے کہ جب تک فارم سے دکان تک مرغی کی قیمت کو کنٹرول نہیں کیا جاتا اس وقت تک حکومتی نرخوں پر فروخت کسی صورت ممکن نہیں۔ پہلا ئر حضرات خود منافع کمارہے ہیں جبکہ جرمانے صرف دکانداروں کو ادا کرنا پڑتے ہیں دکانداروں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ دکانداروں کے خلاف کارروائیاں کرنے کی بجائے پہلا ئرز کے خلاف کارروائیاں کی جائیں تاکہ نرخوں میں کمی واقع ہوسکے

چھوٹے درجے کا آڑھتی اپنی جمع پونجی سے محروم ہوگیا

ڈکیتی کی واردات دن دہاڑے تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود گرلز کالج نزد گھوڑے شاہ روڈ پر ہوئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواحی قصبہ کوبلہ کا رہائشی چھوٹے درجے کا آڑھتی اپنی جمع پونجی سے محروم ہوگیا۔ ڈکیتی کی واردات دن دہاڑے تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود گرلز کالج نزد گھوڑے شاہ روڈ پر ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ کوبلہ کا رہائشی محمد خالد MCB بینک راوی روڈ سے 2107000 روپے نکلوا کر اپنے ساتھی کے ہمراہ نزد گرلز کالج گھوڑے شاہ روڈ پر پہنچا تو دو آکو ہنڈا 125 پر تعاقب کرتے ہوئے آئے اور اسلحہ تان کر کہا کہ جو بینک سے رقم نکلوائی ہے ہمارے حوالے کردو ورنہ جان سے مار دیں گے رقم چھین کر فرار ہوگئے ہیں سیف سٹی کیمروں میں واضح دیکھا جاسکتا ہے ڈاکو دیپالپور چوک سے بائی پاس اور پھر آگے جی ٹی روڈ پر لاہور کی جانب جاتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں علاوہ ازیں نمبر پلیٹ سے موٹر سائیکل مالک کا بھی نام پتہ ٹریس ہوگیا ہے مگر اس کے باوجود پولیس کارروائی میں سستی کا مظاہرہ کررہی ہے متاثرہ فریق نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ سے فوری کارروائی کرنے اور اپنی مسروقہ رقم برآمد کرنے کی اپیل کی ہے انکا کہنا ہے کہ کسٹمرز کے کیش دینے کے پیسے ہیں اگر یہ رقم مجھے نہ ملی تو میری اور فیملی کی زندگی تباہ ہوجائیگی۔

ملک میں استحکام گولی اور بارود سے نہ پہلے آیا ہے اور نہ اب آئے گا: مولانا حمد اللہ

دو صوبوں میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے اور مذاکرات ہی ان کا واحد حل ہیں

حفصی آباد/للیانی (نمائندہ محمد نعیمل خاں) ملک میں استحکام گولی اور بارود سے نہ پہلے آیا ہے اور نہ اب آئے گا۔ مولانا حمد اللہ۔ دو صوبوں میں امن وامان کی صورتحال ان

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) پیر 14 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشتہار انتشارات تیک جھٹ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ جات

پولیس ایجنٹن تاجروں کی دعا میں دہشت گردوں کی موجودگی کی بھانپتے ہوئے مقامی پولیس اور امن کمیٹی نے انتباہ کیا۔ اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی جواد احسان کی سربراہی میں پولیس کے دستے ہی ڈی پی او احسن خیل کے ہمراہ پولیس کے دستے نے علاقے کا دورہ کیا اور لوگوں سے بات چیت کی۔ ڈی پی او نے کہا کہ ہمارے علاقے میں کسی بھی دہشت گرد کو پناہ نہیں دی جائے گی۔ ہم اپنے علاقے کو امن کا گہوارہ بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گے۔ اس موقع پر ڈی پی او نے کہا کہ ہمارے علاقے میں کسی بھی دہشت گرد کی موجودگی کی اطلاع ہو تو ہمیں فوری طور پر مطلع کیا جائے

فلسطین غزہ کے مسلمانوں کی سب سے بڑی قتل گاہ بن چکا ہے: ضیاالدین انصاری

مسلم حکمرانوں نے غیرت ایمانی کا مظاہرہ نہ کیا تو تاریخ معاف نہیں کرے گی، تاریخی یکجہتی غزہ مارچ کے انعقاد پر ہر سطح کی قیادت، ذمہ داران اور کارکنان کو مبارکباد

اہل فلسطین کی مدد کیلئے غزہ فنڈ ریزنگ اور اسرائیلی منصوعات کے مکمل بائیکاٹ کی مہم جاری رکھیں گے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا اجتماع سے خطاب

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ تاریخی یکجہتی غزہ مارچ کے انعقاد پر ہر سطح کی قیادت، ذمہ داران اور کارکنان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اہل لاہور سمیت تمام اضلاع سے آنے والے مرد و خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد نے فلسطینی مسلمانوں سے یکجہتی کا عملی اظہار کیا اور غیرت مند مسلمان ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ اہل فلسطین کی مدد کیلئے غزہ فنڈ ریزنگ اور اسرائیلی منصوعات کے مکمل بائیکاٹ کی مہم جاری رکھیں گے۔ اہل فلسطین کی عملی مدد کیلئے مسلم حکمرانوں نے غیرت ایمانی کا مظاہرہ نہ کیا تو تاریخ معاف نہیں کرے گی